# میرے مُرشد میرے شیخ

محمود الملّۃ والدّین شیخ الحدیث

حضرت مولانا سیّد محمود میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مرتب

ڈاکٹر محمّد امجد



مکتبۃ الحامد

# میرے مرشد میرے شیخ

محمود الملّۃ والدّین شیخ الحدیث

## حضرت مولانا سیّد محمود میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ابن ومجاز قطب الاقطاب حضرت مولانا سیّد حامد میاںؒ

رئیس جامعہ مدنیہ جدید و سجادہ نشین خانقاہِ حامدیہ

امیر جمعیۃ علماء اسلام پنجاب

ولادت : ۲۵ر ذوالحجہ ۱۳۷۵ھ / ۵ر جولائی ۱۹۵۶ء لاہور

وفات : ۷ر محرم الحرام ۱۴۴۷ھ / ۲ر جولائی ۲۰۲۵ء لاہور


مرتب

ڈاکٹر محمّد امجد



مکتبۃ الحامد

| | | |
|---|---|---|
| کتاب کا نام | : | میرے مرشد میرے شیخؒ |
| باہتمام | : | مولانا عکاشہ میاں صاحب، مہتمم جامعہ مدنیہ جدید |
| مرتب | : | ڈاکٹر محمد امجد، ناظم جامعہ مدنیہ جدید |
| صفحات | : | 80 |
| تعداد | : | 1100 |
| طبع اوّل | : | 13 رجب المرجب 1447ھ / 3 جنوری 2026ء |
| ناشر | : | مکتبةُ الحامد |
| رابطہ نمبر | : | +92 333 4249301 _ +92 333 4249302 |
| ویب سائٹ | : | https://www.jamiamadniajadeed.org |
| ای میل ایڈریس | : | maktabahamidiya@gmail.com |
| قیمت | : | 200 |


جملہ حقوقِ طباعت بحق ”مَکتَبةُ الحَامِد“ محفوظ ہیں

﴿ ملنے کے پتے ﴾

مَکتَبةُ الحَامِد متصل خانقاہِ حامدیہ محمد آباد ۱۹ کلو میٹر شارع رائیونڈ لاہور

ڈاکٹر محمد امجد صاحب، خانقاہِ حامدیہ محمد آباد ۱۹ کلو میٹر شارع رائیونڈ لاہور

قاری تنویر احمد صاحب شریفی، مکتبہ رشیدیہ نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی

مولانا محمد عابد صاحب، صفہ سکول سسٹم ۳ محمود سٹریٹ موہنی روڈ لاہور

حافظ فہد اعوان، مَکتَبہ قاسمیة ۱۷ الفضل مارکیٹ، اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# انتساب

**شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ**

کی روحِ پُرفتوح کے نام

جن کے فیضِ صحبت سے

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی نور اللہ مرقدہٗ

کی بابرکت شخصیت سے محبت نصیب ہوئی

ڈاکٹر محمد امجد

# تذکرہ و خدمات

## شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ

﴿ ڈاکٹر محمد امجد صاحب، ناظم جامعہ مدنیہ جدید شارع رائیونڈ لاہور ﴾

### ولادت باسعادت :

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی قدس اللہ سرہ العزیز کے خلیفہ و مجاز قطب الاقطاب محدث کبیر عالم ربانی حضرت اقدس مولانا سیّد حامد میاں صاحب قدس اللہ سرہٗ ایک جید عالم دین اور اپنے وقت کے بہت بڑے شیخ و مرشد تھے حضرت اقدس رحمۃ اللہ علیہ ۱۹۵۰ء میں پاکستان تشریف لائے اور ۲۷۔۱۳۷۱ھ/۱۹۵۲ء میں ''جامع مسجد حنفیہ'' گلی اکھاڑا بوٹا مَل لاہور میں ایک مدرسہ ''اِحیاءُ العلوم'' کے نام سے قائم فرمایا جہاں شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب نور اللہ مرقدہٗ ۲۵/ذوالحجہ ۱۳۷۵ھ/ ۵/جولائی ۱۹۵۶ھ بروز جمعرات پیدا ہوئے۔

**شجرۂ نسب:** حضرت صاحبؒ اور نبی کریم علیه الصلوة و السلام کے درمیان بیالیس واسطے ہوتے ہیں

(۱) سَیِّدُ الْاَوَّلِیْنَ وَ الآخِرِیْنَ خَاتَمُ الرُّسُلِ وَ الْاَنْبِیَاءِ شَافِعُ الْمُذْنِبِیْنَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ
(۲) سَیِّدَةُ النِّسَاءِ فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءِ زَوْجَةُ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا
(۳) امام ابوعبداللّٰه الحسین (٤) امام زین العابدین (٥) امام محمد باقِر
(٦) امام جعفر صادق (٧) امام موسٰی کاظم (٨) امام موسٰی علی رضا
(٩) امام محمد تقی (١٠) موسٰی الْمُبَرْقَعُ (١١) ابو عبداللّٰه احمد (١٢) محمد الاعرج
(١٣) موسی (١٤) نظام الدین حسین (١٥) ناصر الدین احمد (١٦) ابو طالب
(١٧) علاء الدین (١٨) حسین (١٩) تاج الدین احمد (٢٠) لطف اللّٰه
(٢١) القاری حسین علی هادی (٢٢) اسحاق عندلیب المکی (٢٣) ابو العباس

(٢٤) عبدالباسط (٢٥) حسين على (٢٦) سيّد شهاب الدين (٢٧) سيّد احمد كبير

(٢٨) علاء الدين (٢٩) وجيه الدين (٣٠) سيّد فريد (٣١) سيّد احمد

(٣٢) سيّد محمود قلندر (٣٣) سيّد سعد الله (٣٤) سيّد محمد ابراهيم ١

(٣٥) حضرت بندگى محمد اسمٰعيل ٢ (٣٦) سيّد شاه شبلى (٣٧) سيّد محمد فردوس

(٣٨) سيّد ظهور ولى (٣٩) سيّد محمد على (٤٠) سيّد يوسف على

(٤١) سيّد منظور محمد (٤٢) سيّد محمد مياں ٣ (٤٣) سيّد حامد مياں ٤

(٤٤) سيّد محمود مياں رحمهم الله تعالٰى رحمة واسعة

( بحوالہ تذکرہ ساداتِ رضویہ دیوبند ص ۲۳ و ص ۲۵ مصنفہ سیّد محبوب رضوی شائع کردہ علمی مرکز دیوبند )

---

١ دارالعلوم کے شہر دیوبند سے باہر ریلوے اسٹیشن کے قریب ایک بستی ''سرائے پیرزادگان'' کے نام سے واقع ہے بستی کے کنارے ''دادا پیر کی قبر'' ہے یہ ''دادا پیر'' سلسلہ قادریہ کے ایک سیّد خاندان کے بزرگ سیّد محمد ابراہیم ہیں جو گیارہویں صدی ہجری کے اوائل میں (غالباً لکھنؤ سے ہی ترکِ وطن کر کے ) بعض اہلُ اللہ کے مشورے سے دیوبند تشریف لائے اور تبلیغ ورُشد وہدایت کا کام شروع فرمایا آپ کی شخصیت جانی پہچانی اور مرجعِ خلائق تھی ! آپ کے دادا سیّد محمود قلندر رحمۃ اللہ علیہ مغل بادشاہ بابر کے زمانہ میں ولایتِ فرغانہ یا وادیٔ فرغانہ (اُزبکستان ) سے تشریف لاکر لکھنؤ میں مقیم ہوئے تھے لکھنؤ میں ''ٹیلہ والی مسجد'' کے پاس آپ کا مزار ہے ! سیّد ابراہیمؒ کے (دیوبند میں) قیام اور تعلیم کے لیے دہلی کی مرکزی حکومت نے مسجد اور خانقاہ تعمیر کرائی، بعد میں مغل بادشاہوں شاہجہاں، جہانگیر اور اورنگزیبؒ کی طرف سے طلباء کے مصارف کے لیے زمینیں دی گئیں جن کی تصریح شاہی فرامین میں موجود ہے (بحوالہ انوارِ مدینہ اگست ۲۰۱۹ء ) وادیٔ فرغانہ نقل مکانی سے قبل سید محمود قلندرؒ کا قیام شام کے شہر حِمص میں تھا، ولایتِ فرغانہ اُزبکستان کے دارالحکومت طاشقند سے جانبِ مشرق ۴۲۰ کلومیٹر پر واقع ہے جو وسطی ایشیا کے تین ممالک اُزبکستان، کرغیرستان اور تاجکستان میں منقسم ہے اس کا رقبہ ۶۸۰۰ مربع کلومیٹر پر محیط ہے۔(حضرت سید محمود میاںؒ)

٢ حضرت سید صاحبؒ اور بانی اوّل دارالعلوم دیوبند حضرت اقدس حاجی سید محمد عابد صاحب رحمہ اللہ کا سلسلہ نسب اوپر جاکر حضرت بندگی محمد اسماعیل رحمہ اللہ پر ایک ہوجاتا ہے۔

٣ رکن مجلس شوریٰ دارالعلوم دیوبند ، ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند ، مفتی وشیخ الحدیث مدرسہ امینیہ دہلی

تاریخ پیدائش: ۱۲؍رجب ۱۳۲۱ھ/ ۴؍اکتوبر ۱۹۰۳ء دیوبند، تاریخ وفات: ۱۶؍شوال ۱۳۹۵ھ/ ۲۲؍اکتوبر ۱۹۷۵ء دہلی

٤ بانی جامعہ مدنیہ جدید و جامعہ مدنیہ قدیم و خانقاہِ حامدیہ قدوسیہ چشتیہ و سابق امیر مرکزیہ جمعیۃ علماء اسلام پاکستان

تاریخ پیدائش : ۱۰؍جمادی الآخرۃ ۱۳۴۵ھ/ ۱۶؍دسمبر ۱۹۲۶ء مظفر نگر، تاریخ وفات: ۱۳؍رجب ۱۴۰۸ھ/ ۳؍مارچ ۱۹۸۸ء لاہور

حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ کا نسبی رشتہ ساداتِ رضویہ کے ساتھ ملتا ہے آپ مؤرخ ملت حضرت مولانا سیّد محمد میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ (سابق ناظم جمعیۃ علماء ہند) کے پوتے تھے !

## ابتدائی تعلیم اور درس نظامی :

حضرت اقدس مولانا سیّد حامد میاںؒ نے آپ کی تعلیم کا آغاز اپنے ہی مدرسہ ''جامعہ مدنیہ'' میں فرمایا آپ نے جامعہ مدنیہ کے شعبہ حفظ کے استاذ حضرت قاری عبدالرشید صاحبؒ سے قرآنِ مجید حفظ کیا[1] حفظ کے بعد جامعہ مدنیہ میں ہی شوال ۱۳۹۱ھ/ دسمبر ۱۹۷۱ء میں درسِ نظامی شروع کیا ! جامعہ میں آپ کے اساتذۂ کرام میں حضرت مولانا سید حامد میاں صاحبؒ (تلمیذ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ)، حضرت مولانا شریف اللہ خاں صاحبؒ (تلمیذ حضرت شیخ الہندؒ) حضرت مولانا مفتی عبدالحمید صاحب سیتا پوریؒ (تلمیذ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ)، حضرت مولانا کریم اللہ صاحب دامانیؒ (تلمیذ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ)، حضرت مولانا مرزا گل صاحب بونیریؒ (تلمیذ حضرت مولانا عبدالرحمٰن ہزارویؒ)، حضرت مولانا ظہور الحق صاحب دامانیؒ (تلمیذ حضرت مولانا عبدالحق صاحب اکوڑویؒ)، حضرت مولانا سید غازی شاہ صاحبؒ، حضرت مولانا عبدالرشید کشمیری صاحبؒ، حضرت مولانا مفتی قاری عبدالرشید صاحبؒ (تلمیذ حضرت مولانا سید حامد میاں صاحبؒ) نمایاں ہیں۔

حضرتؒ نے از اوّل تا آخر تعلیم جامعہ مدنیہ کریم پارک ہی میں حاصل کی ، درسِ نظامی کی تکمیل ۱۴۰۱ھ/ ۱۹۸۱ء میں کی ، فارغ التحصیل ہونے کے بعد اپنے والد گرامی کی زیر نگرانی اپنے لیے علم و عمل کا میدان بناتے ہوئے جامعہ مدنیہ ہی میں ۱۴۰۲ھ/ ۱۹۸۲ء سے تدریس شروع کی۔

## سلوک و طریقت :

تزکیہ نفس کے لیے اپنے والد ماجد حضرت مولانا سید حامد میاں صاحبؒ کے دستِ حق پرست پر بیعت کی سعادت حاصل کی ، حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ نے بڑے انہماک اور توجہ سے

---

[1] ۲۰ / ذیقعدہ ۱۳۹۰ھ/ ۱۸ / جنوری ۱۹۷۱ء کو حفظ قرآن مکمل ہوا اور جامعہ مدنیہ میں تقریب منعقد ہوئی ، قارئین تقریب کی روداد ماہنامہ انوار مدینہ جنوری ۱۹۷۱ء و فروری ۲۰۲۰ء میں ملاحظہ فرمائیں (مرتب)

سلوک وطریقت کے اسباق والد ماجدؒ (جو شیخ مکرم کے ساتھ ساتھ استاذ محترم کا درجہ ومقام بھی رکھتے تھے) سے حاصل کیے، حضرت مولانا سید حامد میاں صاحبؒ براہِ راست حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ سے مجاز تھے اور سلسلہ حدیث میں بھی براہِ راست تلمیذ وشاگرد تھے، اس طرح حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ سلسلہ حدیث اور سلسلہ تصوف دونوں میں مدنی نسبت کے حامل تھے، ساری زندگی یہ نسبت اگلی نسل کو منتقل کرتے گزار دی، اس بات کی طرف حضرت مولانا سلمان یٰسین صاحب مدظلہم نے ختم بخاری شریف کی تقریب میں بھی اشارہ فرمایا تھا :

> ''آپ کے شیخ سلسلہ شریعت میں علومِ حدیث میں بھی حضرت مدنیؒ کی نسبت رکھنے والے ہماری اصطلاح میں (روحانی) پوتے ہیں اور سلسلہ طریقت میں بھی حضرت مدنیؒ کے (روحانی) پوتے ہیں
>
> اور حضرت شیخ الاسلام مدنی قدس اللہ تعالیٰ سرہ کا نامِ نامی ایسا ہے کہ (بقول شاعر اس شعر کا مصداق ہے)
>
> اَعِدْ ذِکْرَ نُعْمَانٍ لَّنَا اَنَّ ذِکْرَہٗ ٭ هُوَ الْمِسْكُ مَا كَرَّرْتَهٗ يَتَضَوَّعُ
>
> کہ جتنا تذکرہ شیخ مدنی کا کیا جائے گا اتنی خوشبو ہوگی کہ اس کو جتنا رگڑو تو اتنی ہی خوشبو مہکتی ہے!'' [۱]

حضرتؒ نے دو نکاح کیے، پہلا نکاح ۱۹/جون ۱۹۸۷ء بروز جمعہ حضرت اقدس مولانا عزیر گل صاحب کاکاخیلؒ (اسیر مالٹا) کے خاندان میں ہوا، دوسرا نکاح ۲۶/جون ۱۹۹۶ء میں ہوا لیکن اولاد دونوں سے نہیں ہوئی، حضرتؒ نے بانی جامعہ حضرت مولانا سید حامد میاں صاحبؒ کے نواسے اور اپنے بھانجے عکاشہ میاں بن قاضی توحید عالم صاحب صدیقی کو متبنّٰی بنالیا تھا ان کی اپنی زیر نگرانی جامعہ مدنیہ جدید ہی میں تعلیم دلائی، مولانا عکاشہ میاں نے ۱۴۴۳ھ/۲۰۲۲ء میں جامعہ مدنیہ جدید سے درس نظامی کی تکمیل کی [۲] اس موقع پر حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہم نے دستار بندی بھی فرمائی تھی!

---

[۱] ماہنامہ انوار مدینہ اپریل ۲۰۲۴ء ص ۴۷ [۲] ماہنامہ انوار مدینہ مارچ ۲۰۲۲ء

## جامعہ مدنیہ کریم پارک کی ذمہ داری :

۱۳/ رجب المرجب ۱۴۰۸ھ/ ۳/ مارچ ۱۹۸۸ء کو حضرت مولانا سید حامد میاں صاحبؒ کی وفات کے بعد اگلے روز جامعہ مدنیہ کی شوریٰ کا اجلاس ہوا جس میں طے پایا گیا کہ جامعہ مدنیہ کے امیر حضرت مولانا سید رشید میاں صاحب اور جامعہ مدنیہ کے نائب امیر حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ ہوں گے۔اس طرح حضرات شیخین کی زیر نگرانی جامعہ مدنیہ تعلیمی وتعمیری میدان میں ترقی کرتا رہا۔ حضرتؒ ۱۹۹۹ء تک جامعہ مدنیہ کریم پارک میں بطورِ نائب مہتمم اوراستاذ الحدیث خدمات انجام دیتے رہے

## جامعہ مدنیہ جدید کا اہتمام :

۲/ شعبان المعظم ۱۴۲۰ھ/ ۲۲/ نومبر ۱۹۹۹ء کو جامعہ مدنیہ کی شوریٰ کے فیصلے کے مطابق حضرت مولانا سید رشید میاں صاحب کو جامعہ مدنیہ کریم پارک کا مہتمم اور حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ کو جامعہ مدنیہ جدید رائیونڈ روڈ کا مہتمم بنایا گیا۔

## جامعہ مدنیہ کی وسیع پیمانہ پر ترقی :

محدث کبیر حضرت مولانا سید حامد میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۹۸۱ء میں جامعہ مدنیہ کی وسیع پیمانے پر ترقی کے لیے رائیونڈ روڈ پر پچیس ایکڑ جگہ خریدی تھی ،جلد ہی اس جگہ پر قرآن پاک کی ناظرہ وحفظ کی جماعت سے تعلیم کا آغاز کر دیا گیا تھا۔

## جامعہ مدنیہ جدید اور مسجد حامدؒ کی تقریب سنگِ بنیاد :

حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے زیر اہتمام ۷/ ربیع الاوّل ۱۴۲۱ھ/ ۱۱/ جون ۲۰۰۰ء بروز اتوار جامعہ مدنیہ جدید میں تقریب سنگِ بنیاد ہوئی جس میں امیر الہند حضرت مولانا سید اسعد صاحب مدنی رحمۃ اللہ علیہ نے ''جامعہ مدنیہ جدید اور مسجد حامدؒ '' کا سنگ بنیاد رکھا۔

## درسِ نظامی کی تعلیم کا آغاز :

۱۶/ شوال ۱۴۲۳ھ/ ۲۱/ دسمبر ۲۰۰۲ء اتوار کی شب درسِ نظامی کی تعلیم کا آغاز ہوا ، بعد نماز

مغرب حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ کا بیان ہوا اور حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب مدظلہم نے ''الصرف العزیز'' سے اسباق کا آغاز فرمایا۔

## ہفتہ وار مجلسِ ذکر اور درسِ حدیث کا آغاز :

۲۲؍ذیقعدہ ۱۴۲۳ھ/ ۲۶ جنوری ۲۰۰۳ھ بروز اتوار ظہر بعد سے ''خانقاہ حامدیہ'' کے تحت ہفتہ وار مجلسِ ذکر اور درسِ حدیث کا آغاز فرمایا، کچھ عرصہ بعد یہ مجلس مغرب کی نماز کے بعد شروع فرمائی تاحیات باقاعدگی سے سالکین کے لیے مجلس ذکر اور درس حدیث دیتے رہے، حسن اتفاق کہ شرکائے غزوۂ بدر کی تعداد کے مطابق یہ دروس ۳۱۳ کی تعداد میں ہیں، حضرت بانی جامعہؒ کے دروس اور حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ کے تمام دروس جامعہ کی ویب سائٹ پر استفادہ عام کے لیے موجود ہیں۔

## وفاق المدارس سے الحاق :

۲۰؍ذی الحجہ ۱۴۲۴ھ/ ۱۲؍فروری ۲۰۰۴ء بروز جمعرات جامعہ مدنیہ جدید کا وفاق المدارس سے الحاق منظور ہوا والحمد للّٰہ

## تقریب تکمیل مشکوۃ المصابیح :

۲۱؍رجب ۱۴۲۵ھ/ ۲۹؍اگست ۲۰۰۴ء بروز اتوار دن کے گیارہ بجے حدیث کی کتاب ''مشکوۃ المصابیح'' کے ختم کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا آخری حدیث حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہم نے پڑھائی، تقریب کی صدارت حضرت اقدس نفیس الحسینی شاہ صاحبؒ نے فرمائی اور اختتامی دعا حضرت مولانا عبدالرشید صاحب کشمیریؒ نے فرمائی۔

## دورۂ حدیث کا آغاز :

حضرتؒ نے ۱۹؍شوال ۱۴۲۶ھ/ ۲۲؍نومبر ۲۰۰۵ء کو جامعہ مدنیہ جدید میں دورۂ حدیث شریف کا آغاز فرمایا، بخاری شریف کی تدریس آپؒ کے ذمہ آئی جسے آپ بحسن وخوبی انجام دیتے رہے، تاحیات مسلسل بیس سال بخاری شریف کی تدریس کی سعادت حاصل رہی۔

## جامعہ مدنیہ جدید کی چہار دیواری کا کام :

۱۱؍شوال ۱۴۲۵ھ/ ۲۴؍نومبر ۲۰۰۴ء بروز بدھ جامعہ مدنیہ جدید کی مکمل چہار دیواری کا کام شروع ہوا اور ۸؍ربیع الثانی ۱۴۲۶ھ/ ۱۷؍مئی ۲۰۰۵ء بروز پیر چہار دیواری کا کام ۵؍ماہ ۲۳؍دن میں مکمل ہوا، والحمد للّٰہ علی ذلك .

## ''الحامد ٹرسٹ'' کا قیام :

شعبان المعظم ۱۴۲۲ھ/ نومبر ۲۰۰۱ء میں بانی جامعہ حضرت مولانا سید حامد میاں صاحبؒ کی نسبت سے ''الحامد ٹرسٹ'' قائم فرمایا، یہ ٹرسٹ رفاہی اور امدادی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہا ہے !

## دار الافتاء کا قیام :

جامعہ مدنیہ جدید میں نئے تعلیمی سال ۱۴۲۶ھ سے حضرت مولانا ڈاکٹر مفتی عبدالواحد صاحبؒ حضرتؒ کی خواہش پر تدریس کے لیے تشریف لائے ،آپ کی زیرِ نگرانی دار الافتاء کا قیام عمل میں آیا !

## مسجد حامدؒ میں نمازِ جمعہ کا آغاز :

یکم رجب ۱۴۲۷ھ/ ۲۸؍جولائی ۲۰۰۶ء سے جامعہ مدنیہ جدید کی مسجد حامدؒ میں فتویٰ کی بنیاد پر نماز جمعہ کا آغاز فرمایا ، استاذ الحدیث حضرت مولانا امان اللہ خان صاحبؒ نے اذانِ اوّل دی، ناظم تعلیمات حضرت مولانا خالد محمود صاحب مدظلہم نے بیان فرمایا، خطبۂ مسنونہ پڑھا اور امامت بھی کرائی ، بعد ازاں شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ نے خود جمعہ کا بیان شروع فرمادیا حضرتؒ کے تمام بیانات جامعہ کی ویب سائٹ پر استفادہ عام کے لیے موجود ہیں ! !

## شعبۂ ''تخصص فی علوم الحدیث '' کا اجراء :

حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۱؍شوال ۱۴۲۷ھ/ ۴؍نومبر ۲۰۰۶ء بروز ہفتہ سے جامعہ مدنیہ جدید میں ''تخصص فی الحدیث'' کی جماعت کا آغاز فرمایا، استاذ الحدیث حضرت مولانا امان اللہ خان صاحبؒ نے اسباق شروع فرمائے !

**شعبہ ''علم الفلکیات'' کا اجراء :**

۲۴؍ربیع الثانی ۱۴۲۸ھ/۱۲؍مئی ۲۰۰۷ء سے جامعہ مدنیہ جدید میں حضرت رحمہ اللہ کی زیرِ سرپرستی ''علم الفلکیات'' کا کورس شروع ہوا، شیخ الحدیث حضرت مولانا خالد محمود صاحب مدظلہم نے اسباق پڑھائے !

**'' مُسْتَشْفٰی اَلْحَامِدْ '' کا قیام :**

۲۰؍ربیع الثانی ۱۴۲۸ھ/ ۸؍مئی ۲۰۰۷ء بروز منگل سے الحامد ٹرسٹ کے تحت حضرت مولاناؒ کی سرپرستی جامعہ مدنیہ جدید کے طلباء اساتذہ اور دیگر عملہ کے لیے '' مُسْتَشْفٰی اَلْحَامِدْ '' کے نام سے ایک کمرہ میں ڈسپنسری نے کام شروع کردیا !

۲۸؍رمضان المبارک ۱۴۲۸ھ/ ۱۱؍اکتوبر ۲۰۰۷ء کو بعد نمازِ مغرب حضرت مولانا رحمہ اللہ نے ''مُسْتَشْفٰی اَلْحَامِدْ '' کے لیے مختص جگہ پر ہسپتال کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اس تقریب میں جامعہ کے تمام اساتذہ کرام اور طلباء نے شرکت کی !

**عصری علوم کی تعلیم کا آغاز :**

۲؍صفر المظفر ۱۴۳۱ھ/ ۱۸؍جنوری ۲۰۱۰ء بروز پیر جامعہ مدنیہ جدید میں حضرت مولانا رحمہ اللہ نے شعبہ عصری علوم میں کمپیوٹر کی تعلیم کا آغاز فرمایا !

**دارُالصناع کا قیام :**

یکم رجب المرجب ۱۴۳۲ھ/۴؍رجون ۲۰۱۱ء بروز ہفتہ جامعہ مدنیہ جدید میں تکمیل بخاری کے موقع پر ایک تقریب کا انعقاد ہوا۔ حضرت مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم صاحب چشتیؒ نے بخاری شریف کی آخری حدیث پڑھا کر مختصر بیان فرمایا اور اختتامی دعا فرمائی۔ بیان میں حضرت چشتی صاحبؒ نے طلباء کو ہنر اور فن سیکھنے کی ترغیب دی، بیان کے بعد حضرت مولانا رحمہ اللہ کو بھی اس بات کی طرف توجہ دلائی کہ مدرسہ میں طلباء کو کوئی ہنر سکھائیں آئندہ زندگی میں یہ کام آئے گا ! حضرت مولاناؒ نے حضرت چشتی صاحبؒ سے اس کام کی حامی بھرلی !

۱۸ ذیقعدہ ۱۴۳۲ھ/ ۱۷ اکتوبر ۲۰۱۱ء بروز پیر جامعہ مدنیہ جدید میں شعبہ برقیات کے تحت دارُالصناع کا اجراء فرمایا۔ جامعہ مدنیہ جدید کے اس بلاک میں باقاعدہ اس چیز کا اہتمام کیا کہ وہاں کمپیوٹر ہارڈ ویئر اور سوفٹ ویئر سکھائے جائیں نیز بجلی کا کام، مزید بھی کئی چھوٹے چھوٹے ایسے ہنر اور فن سکھائے جائیں جو طلباء کو آئندہ زندگی میں معاون بن سکیں۔ آئندہ سال ۲۰۱۲ء میں حضرت چشتی صاحبؒ جامعہ مدنیہ جدید تشریف لائے تو حضرت مولانا رحمہ اللہ نے حضرت چشتی صاحبؒ کو ''دارُالصناع'' کے قیام سے متعلق کارروائی بتائی جس پر حضرت چشتی صاحبؒ نے بہت دعائیں دیں اور خوشی کا اظہار فرمایا

**امن عالم کانفرنس :**

۷ صفر ۱۴۳۵ھ/ ۱۱ دسمبر ۲۰۱۳ء کو شیخ الحدیث حضرت مولانا سیّد محمود میاں صاحبؒ پاکستان سے جمعیۃ علماءِ اِسلام کے وفد کے ہمراہ ''امنِ عالم کانفرنس'' میں شرکت کی غرض سے دہلی اور دیوبند (ہندوستان) تشریف لے گئے، جہاں آپ نے کبار علماء ومشائخ سے ملاقات کی !

**شعبہ ''تخصص فی الفقه واصول الفقه'' کا اجراء :**

یکم ذیقعدہ ۱۴۳۶ھ/ ۱۷ اگست ۲۰۱۵ء سے جامعہ مدنیہ جدید میں تخصص فی الفقه واصول الفقه کے شعبہ کا قیام فرمایا اور حضرت مہتمم صاحبؒ کی دعاؤں سے تعلیم کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

**میزان الفرائض :**

حضرت رحمہ اللہ کی زیرِ سرپرستی ''الحامد کمپیوٹر لیب'' کی طرف سے میراث اور وراثت کے مسائل کو حل کرنے کے لیے اردو زبان کا دنیا میں پہلا باقاعدہ ونڈوز ڈیسک ٹاپ ایپلیکیشن/ سوفٹ ویئر بعنوان ''میزان الفرائض'' حضرت مولانا مفتی محمد فہیم صاحب مدظلہم نے تیار کیا ! مقدور بھر کوشش کی گئی ہے کہ یہ جامع اور باحوالہ ہو۔

**عملی سیاست میں نامزدگی :**

یکم صفر ۱۴۴۵ھ/ ۱۹ اگست ۲۰۲۳ : حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ کو جمعیۃ علماء

اسلام کے آئندہ جماعتی انتخابات تک بحیثیتِ صوبائی امیر پنجاب نامزد کیا گیا۔

۵؍صفر ۱۴۴۵ھ/۲۳؍اگست بروز بدھ جمعیۃ علماء اسلام صوبہ پنجاب کی مجلس عاملہ کا اجلاس جامعہ مدنیہ جدید میں امیر جمعیۃ علماء اسلام صوبہ پنجاب شیخ الحدیث مولانا سیّد محمود میاں صاحبؒ کی زیرِصدارت منعقد ہوا، اجلاس میں جمعیۃ علماء اسلام پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفور صاحب حیدری مدظلہم مہمانِ خصوصی اور مرکزی ناظم مولانا محمد امجد خان صاحب نے شرکت فرمائی، حضرت حیدری صاحب کی افتتاحی گفتگو کے بعد اجلاس میں صوبہ پنجاب کی جماعتی صورتحال کے متعلق اراکین مجلس عاملہ کی مشاورت سے ضروری فیصلے کیے گئے، اجلاس میں صوبہ پنجاب کی سیاسی صورتحال، آئندہ عام انتخابات اور تنظیمی امور پر غور وخوض کیا گیا۔

## صوبہ پنجاب کی نئی مجلس عمومی کا اجلاس :

جمعیۃ علماء اسلام کی صوبائی مجلس عمومی کا اجلاس مؤرخہ ۱۴؍ربیع الاوّل ۱۴۴۶ھ/ ۱۹؍ستمبر ۲۰۲۴ء بروز جمعرات جامعہ مدنیہ جدید میں منعقد ہوا، اجلاس کی صدارت امیر پنجاب شیخ الحدیث حضرت مولانا سیّد محمود میاں صاحبؒ نے فرمائی اور صوبائی مجلس عمومی کے انتخابی اجلاس کے انتظامات صوبائی ناظم انتخاب جناب محترم محمد نور خان صاحب ہانس ایڈوکیٹ نے کیے اور اجلاس کی نگرانی مرکزی ناظمِ انتخاب مولانا عطاء الحق درویش صاحب جبکہ ان کی مرکزی معاونین مولانا ناصر محمود صاحب مانسہرہ اور حاجی جلیل جان صاحب پشاور نے کی، صوبائی مجلس عمومی نے آئندہ پانچ سال کے لیے شیخ الحدیث حضرت مولانا سیّد محمود میاں صاحب کو بھاری اکثریت سے امیر پنجاب اور مولانا حافظ نصیر احمد صاحب احرار کو ناظمِ عمومی صوبہ پنجاب منتخب کیا، اجلاس کے اختتام پر جمعیۃ علماء اسلام پاکستان کے مرکزی ناظمِ انتخابات مولانا عطاء الحق درویش صاحب نے نومنتخب امیر اور جنرل سیکرٹری سے حلف لیا، خواجہ خلیل احمد صاحب خانقاہ سراجیہ کندیاں شریف کے سجادہ نشین کے اختتامی کلمات اور دعا پر اجلاس اختتام پذیر ہوا ! !

## ''ماضی کی جھلک'' کی اشاعت :

حضرت مولاناؒ نے اپنے والد ماجدؒ بانی جامعہ کی یادداشت بعنوان ''ماضی کی جھلک''

جمع فرمائیں اور اپنی ادارت میں طبع ہونے والے ماہنامہ انوار مدینہ میں قسط وار شائع فرمائیں۔ حضرتؒ نے ''ماضی کی جھلک'' کو علیحدہ کتابی شکل میں ترتیب دینا شروع فرمایا تھا لیکن مصروفیات اور علالت کی وجہ سے تکمیل نہ فرما سکے، ان شاء اللہ جلد مکمل کر کے شائع کریں گے۔

## حضرت بانی جامعہؒ کے دروس حدیث کی اشاعت :

حضرت بانی جامعہؒ سالکین کے لیے ہر اتوار جامعہ مدنیہ میں مجلس ذکر اور درس حدیث دیتے تھے، حضرت بانی جامعہؒ کے خلیفۂ اجل الحاج حضرت محمود احمد صاحب عارفؒ کی خواہش پر ان کے مریدِ خاص چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ محترم الحاج شاہد اشرف صاحب ادام اللہ اقبالہ بڑی باقاعدگی سے مسلسل آٹھ برس ان دروس کو ٹیپ ریکارڈر کے ذریعہ محفوظ کر لیا ان دروس کی تعداد 284 بنتی ہے ! حضرت بانی جامعہؒ کی وفات کے بعد ان دروسِ حدیث کی تمام کیسٹیں انہوں نے بڑی ذمہ داری اور فیاضی کے ساتھ حضرت مہتمم صاحبؒ کو عطا فرما دیں ! ! فجزاہ اللہ خیرا

ان کیسٹوں کے علاوہ چالیس دروس ایسے ہیں جو شیخ التفسیر حضرت اقدس مولانا احمد علی صاحب لاہوریؒ کے ہفت روزہ ''خدام الدین'' میں شائع ہوتے رہے جنہیں راقم الحروف نے اپنے برادر خورد مولانا محمد عابد صاحب کے ساتھ مل کر بڑی محنت سے حاصل کر کے حضرت مہتمم صاحبؒ کی خدمت میں پیش کر دیے، ان تمام دروس پر حضرت مہتمم صاحبؒ نے نظر ثانی فرمائی، یہ تمام دروس بحمد اللہ ماہنامہ انوار مدینہ میں تاریخ وار ترتیب کے لحاظ سے اکتوبر ۱۹۹۲ء تا نومبر ۲۰۱۸ء (جو کہ چھبیس برس کے طویل عرصہ پر محیط ہیں) شائع ہو چکے ہیں، اب ان تمام دروس کی ''مشکوۃ المصابیح'' کے ابواب کی ترتیب کے لحاظ سے ماہنامہ انوارِ مدینہ میں جنوری ۲۰۱۹ء سے دوبارہ اشاعت ہو رہی ہے۔

جامعہ مدنیہ سے قبل اکھاڑا بوٹا مل (برانڈرتھ روڈ) کی مسجد حنفیہ اور مدرسہ احیاء العلوم، مکی مسجد انارکلی اور مسلم مسجد بیرون لوہاری دروازہ میں ہونے والے جمعہ کے بیانات اور دروس کو محفوظ کرنے کا کچھ خاص اہتمام نہ تھا اور ٹیپ ریکارڈر وغیرہ کا بھی زیادہ رواج نہ تھا افسوس اس طویل عرصہ کے علمی فیوض سے آج ہم محروم ہیں

## سانحۂ ارتحال :

مارچ ۲۰۲۵ء سے حضرت مولانا رحمہ اللہ کافی علیل تھے، ۵رمئی کو پتہ کا کامیاب آپریشن ہوا، علاج معالجہ جاری رہا کہ ۲۷رجون ۲۰۲۵ء کو بوقت فجر طبیعت بہت زیادہ خراب ہوئی جس کی بناء پر دوبارہ بحریہ انٹرنیشنل ہسپتال میں داخل ہوئے ڈاکٹروں نے آئی سی یو وارڈ میں داخل کیا اور دعاؤں کے لیے کہا دو دن مصنوعی سانس دیا گیا، لیکن تمام تدبیروں پر تقدیر غالب آئی اور آپؒ ۷رمحرم الحرام ۱۴۴۷ھ/ ۲رجولائی ۲۰۲۵ء بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب ساڑھے گیارہ بجے اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآاِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَنَا وَلَہٗ وَتَغَمَّدْنَا وَاِیَّاہُ بِرَحْمَتِكَ وَرِضْوَانِكَ وَاَدْخِلْہُ الْفِرْدَوْسَ الْاَعْلٰی مِنْ جَنَانِكَ وَاجْعَلْنَا وَاِیَّاہُ مِمَّنْ یَّدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ بِغَیْرِحِسَابْ

اللہ تعالیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی دینی وملی خدمات جلیلہ شرف قبول عطا فرمائے، اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے، اور پاکستان اور ہندوستان میں موجود تمام پسماندگان خصوصاً پاکستان میں حضرتؒ کے برادران حضرت مولانا سیّد رشید میاں صاحب مدظلہم، مولانا سیّد مسعود میاں صاحب مدظلہم اور صاحبزادہ محترم مولانا عکاشہ میاں صاحب مدظلہم سمیت تمام پسماندگان، متعلقین ومحبین اور تلامذہ ومریدین کو اللہ تعالیٰ یہ صدمہ برداشت کرنے اور اس پر اجر کی سعادت عطا فرمائے، آمین !

اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَھُمْ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَھُمْ وَاغْفِرْلَنَا وَلَھُمْ وَاجْمَعْنَا مَعَھُمْ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْن

اللہ تعالیٰ حضرت رحمہ اللہ کی مغفرت فرما کر جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین !

دل زخم زخم لوگو کوئی ہے جسے دکھائیں — کوئی ہم نفس نہیں ہے غمِ جاں کسے سنائیں
اُٹھا سائبانِ شفقت بڑی تیز دھوپ دیکھی — نہیں دُور دُور چھاؤں کہاں اپنا سر چھپائیں
یکا یک جو چھا گئی ہیں غم و درد کی گھٹائیں — گیا کون اس جہاں سے کہ بدل گئیں فضائیں
وہ رفاقتوں کی راتیں وہ ہر اک سے دل کے باتیں — گئے دور کے وہ قصے ہمیں یاد کیوں نہ آئیں
ہو نصیب جام کوثر یہ نفیس کی دعا ہے — مگر اک حسیں تمنا کہ حضور خود پلائیں

## فہرست خلفاءِ کرام شیخ الحدیث حضرت مولانا سیّد محمود میاں صاحبؒ

## خانقاہ حامدیہ قدوسیہ چشتیہ، محمد آباد شارع رائیونڈ لاہور پاکستان

| نمبر شمار | نام |
|---|---|
| ۱ | مولانا عبدالستار صاحب بن محمد شریف صاحب، منڈی مدرسہ تحصیل وضلع بہاولنگر |
| ۲ | ڈاکٹر محمد امجد صاحب بن شیخ نور احمد صاحب، موہنی روڈ لاہور |
| ۳ | مولانا محمد عکاشہ صاحب بن محمد یوسف صاحب، قصور صوبہ پنجاب |
| ۴ | مولانا محمد فرحان خان صاحب بن محمد یوسف خان صاحب، کینیڈا |
| ۵ | مولانا خالد عثمان صاحب بن گل محمد صاحب، کرک صوبہ سرحد |
| ۶ | مولانا انعام اللہ صاحب بن پیر آدم خان صاحب، ٹانک صوبہ خیبر پختونخواہ |
| ۷ | مولانا محمد شاہد صاحب بن محمد حنیف صاحب، اوکاڑہ صوبہ پنجاب |
| ۸ | مولانا اشفاق حسین صاحب بن شیر محمد صاحب، ساہیوال صوبہ پنجاب |
| ۹ | مولانا خلیل الرحمٰن صاحب بن محمد قاسم صاحب، ہلوکی ضلع لاہور |
| ۱۰ | مولانا جہانزیب صاحب بن نعیم خان صاحب، ضلع شانگلہ خیبر پختونخواہ |
| ۱۱ | مولانا ذبیح اللہ صاحب بن محمد مختار صاحب، کوہاٹ |
| ۱۲ | مولانا محمد ارشد صاحب بن جمعہ خان صاحب، چلاس |
| ۱۳ | مولانا محمد سعد کلیم صاحب بن کلیم اصغر صاحب قریشی، کیولری گراؤنڈ لاہور کینٹ |
| ۱۴ | مولانا محمد حسین صاحبؒ بن محمد رفیق رضا صاحب، بہاولپور |
| ۱۵ | مولانا مفتی محمد حسن صاحب بن محمد قاسم صاحب، ہلوکی ضلع لاہور |

| | |
|---|---|
| ۱۶ | مولانا محمد ابراہیم صاحب برمی (میانمار) |
| ۱۷ | مولانا گل نواز صاحب بن طاؤس خان صاحب، ضلع مانسہرہ |
| ۱۸ | مولانا عمر فاروق صاحب بن اللہ دتہ صاحب، ضلع جھنگ |
| ۱۹ | مولانا ایاز خان صاحب بن متول خان صاحب، ضلع کرک |
| ۲۰ | مولانا محمد رضوان مبارک صاحب بن مبارک علی صاحب، ضلع لاہور |
| ۲۱ | مولانا ضیاءالدین صاحب بن محمد شیر خان صاحب، ضلع ٹانک |
| ۲۲ | مولانا حکیم خان صاحب بن تاج محمد صاحب، ضلع بٹگرام |
| ۲۳ | مولانا محمد زبیر صاحب بن مولانا عبدالاحد صاحب، ضلع لاہور |
| ۲۴ | مولانا محمد دین صاحب بن نور محمد صاحب، ضلع نہرین افغانستان |
| ۲۵ | مولانا سَید علی صاحب بن عبدالزاق صاحب، تحصیل وضلع قلعہ عبداللہ بلوچستان |
| ۲۶ | مولانا محمد ابوبکر صاحب بن عبدالرحیم صاحب، ڈاکخانہ، تحصیل وضلع مستونگ |
| ۲۷ | مولانا عطاء اللہ صاحب ندیم بن غلام رسول صاحب، ضلع خضدار بلوچستان |
| ۲۸ | مولانا محمد مصعب صاحب بن عبیداللہ صاحب، ضلع وہاڑی |
| ۲۹ | مولانا عبدالستار صاحب بن حاجی اللہ دیوایا صاحب، ملتان |
| ۳۰ | مولانا عبدالوحید صاحبؒ بن مفتی عبدالحمید صاحب صاحبؒ، لٹن روڈ مزنگ لاہور |
| ۳۱ | مولانا محمد نوید صاحب بن تاج محمد صاحب، اوگی مانسہرہ |
| ۳۲ | مولانا محمد یونس صاحب محمد شاہ صاحب، مارتو نگ شانگلہ |
| ۳۳ | مولانا محمد یونس صاحب بن شاہ محمد صاحب، تحصیل چونیاں ضلع قصور پنجاب |

| | |
|---|---|
| ۳۴ | قاری سیّد محمد طیب صاحب بخاری بن سید نور محمد شاہ بخاری، ضلع گاندربل، کشمیر ہند |
| ۳۵ | مولانا محمد آصف حیات بن محمد حیات ، محلّہ اسلام پورہ ضلع خوشاب پنجاب |
| ۳۶ | مولانا محمد عبدالواحد خان بن محمد عبدالرحمٰن خان، حفیظ کالونی ماڈل ٹاؤن سی بہاولپور |
| ۳۷ | مولانا سعید احمد صاحب اسعد بن مولانا محمد اسماعیل صاحب صابر، بگڑانوالی خوشاب |
| ۳۸ | مولانا محمد خالد صاحب بن محمد ایوب صاحب، کنڈہ تحصیل و ضلع مانسہرہ |
| ۳۹ | مولانا محمد عمران صاحب بن محمد گلاب صاحب، شوہال نجف خان تحصیل بالاکوٹ ضلع مانسہرہ |
| ۴۰ | مولانا محمد محسن گلزار صاحب بن گلزار صاحب، حویلی نتھو والی، قادی ونڈ، ضلع قصور |
| ۴۱ | مولانا محمد عیسیٰ داؤد بن علی مراد، باسوس ضلع ولسوالی امام صاحب صوبہ کندوز افغانستان |
| ۴۲ | صاحبزادہ محترم مولانا عکاشہ میاں صاحب بن قاضی توحید عالم صاحب صدیقی متبنّٰی شیخ المشائخ حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب رحمہ اللہ (باجازت خلفاء) |

## ﴿ ہدایت از جانشین ﴾

تربیت پانے والے صاحبان اور جو حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ میں بیعت ہونا چاہیں وہ مذکورہ بالا خلفاء کرام میں سے جن کی طرف قلب کا رجحان پائیں ان سے تعلق قائم کرلیں وفقنا اللہ لما یحبہ ویرضاہ

فقط عکاشہ میاں غفرلہٗ

۱۰ رمحرم الحرام ۱۴۴۷ھ / ۱۴ رجولائی ۲۰۲۵ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# شجرۂ مبارکہ حامدیہ قدوسیہ چشتیہ صابریہ

| ۱ | شفیع المذنبین خاتم النبیین سیدنا ومولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
|---|---|

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲ | حضرت امیر المومنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ | ۳ | حضرت خواجہ حسن بصریؒ |
| ۴ | حضرت خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ | ۵ | حضرت خواجہ فضیل بن عیاضؒ |
| ۶ | حضرت سلطان ابراہیم ادہم بلخیؒ | ۷ | حضرت خواجہ حذیفہ مرعشیؒ |
| ۸ | حضرت خواجہ ابوہبیرہ بصریؒ | ۹ | حضرت خواجہ ممشاد علو دینوریؒ |
| ۱۰ | حضرت خواجہ ابواسحاق شامیؒ | ۱۱ | حضرت خواجہ ابواحمد ابدال چشتیؒ |
| ۱۲ | حضرت خواجہ ابومحمد چشتیؒ | ۱۳ | حضرت خواجہ ابویوسف چشتیؒ |
| ۱۴ | حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتیؒ | ۱۵ | حضرت حاجی شریف زندنیؒ |
| ۱۶ | حضرت خواجہ عثمان ہرونیؒ | ۱۷ | حضرت خواجہ معین الدین حسن سجزی چشتیؒ |
| ۱۸ | حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ | ۱۹ | حضرت شیخ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ |
| ۲۰ | حضرت مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر کلیریؒ | ۲۱ | حضرت شیخ شمس الدین ترک پانی پتیؒ |
| ۲۲ | حضرت شیخ جلال الدین پانی پتیؒ | ۲۳ | حضرت شیخ احمد عبدالحق ردولویؒ |
| ۲۴ | حضرت شاہ عارف بن احمد ردولویؒ | ۲۵ | حضرت شیخ محمد بن عارف ردولویؒ |
| ۲۶ | حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہیؒ | ۲۷ | حضرت شیخ جلال الدین تھانیسریؒ |
| ۲۸ | حضرت شیخ نظام الدین بلخیؒ | ۲۹ | حضرت شیخ ابوسعید گنگوہیؒ |
| ۳۰ | حضرت شیخ محب اللہ الٰہ آبادیؒ | ۳۱ | حضرت سید شاہ محمدیؒ |
| ۳۲ | حضرت سید شاہ محمد مکیؒ | ۳۳ | حضرت شاہ عضد الدین امروہیؒ |
| ۳۴ | حضرت شاہ عبدالہادی امروہیؒ | ۳۵ | حضرت شاہ عبد الباری امروہیؒ |
| ۳۶ | حضرت شاہ عبدالرحیم شہید ولایتیؒ | ۳۷ | حضرت میانجیو نور محمد جھنجھانویؒ |
| ۳۸ | حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکیؒ | ۳۹ | حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ |
| ۴۰ | حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ | ۴۱ | حضرت مولانا سید حامد میاںؒ |

اے اللہ اپنے ان برگزیدہ بندوں کے طفیل مجھ بندۂ نالائق اور اس کے دینی بھائی ..................

کو اپنی محبت ومعرفت، رضا واستقامت وحسن خاتمہ عطا فرما وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

**چھ تسبیحات بعد نماز فجر ومغرب** (۱) سُبْحَانَ اللّٰہِ سومرتبہ (۲) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سومرتبہ (۳) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سومرتبہ (۴) اَللّٰہُ اَکْبَرُ سومرتبہ

(۵) اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ سومرتبہ (۶) درود شریف سومرتبہ پڑھا کریں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی عَدَدَ مَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی

محتاجِ دُعا سید محمود میاں غفرلہٗ | خانقاہِ حامدیہ نزد جامعہ مدنیہ جدید محمد آباد ۱۹ کلومیٹر رائیونڈ روڈ لاہور پاکستان
0333-4249301
0333-4249302
0335-4249302

# خانوادۂ مؤرخ ملت کا فردِ جلیل

## حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب قدس اللہ سرہ العزیز

﴿ حضرت مولانا قاری تنویر احمد صاحب شریفی، مجلس یادگار شیخ الاسلامؒ پاکستان کراچی ﴾

۷ محرم الحرام ۱۴۴۷ھ/ ۲ جولائی ۲۰۲۵ء بروز بدھ رات سوا گیارہ بجے بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب جامعہ مدنیہ جدید رائیونڈ کے مہتمم، خانقاہ حامدیہ رائیونڈ کے مسند نشین، جمعیت علماء اسلام پنجاب کے امیر محترم، سینکڑوں علماء و مشائخ کے استاد محترم حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب تقریباً پانچ ماہ کی طویل اور صبر آزما علالت کو برداشت کر کے اجر عظیم سمیٹتے ہوئے باری تعالیٰ کے حضور پہنچ گئے

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ وَرَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى رَحْمَةً وَّاسِعَةً

حضرت مولاناؒ ، مؤرخ ملت حضرت العلام مولانا سید محمد میاں صاحب نور اللہ مرقدہ (صاحبِ علماءِ ہند کا شاندار ماضی) کے پوتے اور استاد محترم شیخ الحدیث حضرت مولانا سید حامد میاں صاحب قدس سرہٗ کے لائق و فائق منجھلے صاحبزادے تھے، کون مولانا سید حامد میاںؒ ؟

ان کا مقام ان کے شیخ و استاد گرامی شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی نور اللہ مرقدہ کے قلم سے پڑھ کر اندازہ لگائیے ، فرماتے ہیں :

"................ مگر میرا آپ[۱] پر سخت اعتراض ہے کہ آپ سال گذشتہ کے ایام کو موصوف[۲] کے لیے اضاعت (بیکار) کے ایام شمار فرماتے ہیں

محترما ! موصوف نے اس مدت میں سلوک میں نہایت بیش بہا ترقی کی ہے جو کہ لوگوں کو سال ہا سال میں حاصل نہیں ہوتی، اگر وہ اسی رفتار پر رہا تو قریب ہے

---

[۱] حضرت شیخ الاسلامؒ یہ مکتوب حضرت مؤرخ ملتؒ کو تحریر فرما رہے ہیں [۲] یعنی حضرت جی مولانا سید حامد میاں صاحبؒ

کہ اس کو اس معیار پر مجاز ہونے کا فخر حاصل ہو جائے جو کہ حضرت گنگوہی قدس اللہ سرہ العزیز کا تھا [۱] ''شکر کیجیے کفرانِ نعمت سے باز آیئے وہ اپنے باپ دادا سے بہت بڑھ گیا ہے'' [۲]

حضرت مولاناؒ اس بڑے باپ کے بیٹے تھے جن کے متعلق حضرت شیخ اسلام رحمہ اللہ نے یہ تحریر فرمایا تھا

حضرت مولاناؒ کو میں نے اپنے بچپن ہی سے دیکھا ہے، حضرت جیؒ [۳] کی خدمت اقدس میں میرے جد امجد حضرت مولانا قاری شریف احمد صاحب نور اللہ مرقدہ گاہ بگاہ کراچی سے لاہور تشریف لے جاتے تھے تو مجھے بھی ساتھ لے جاتے، آج ان بزرگوں سے واقفیت میرے جد امجدؒ کی مرہونِ منت ہے، اُس وقت حضرت مولاناؒ تعلیم حاصل کر رہے تھے اور پھر فاضل ہو کر اپنے ہی مدرسے جامعہ مدنیہ کریم پارک لاہور میں مدرس بھی ہو گئے تھے

حضرت مولاناؒ کے مختصر حالات :

حضرت مولاناؒ کی پیدائش ۲۶/ذیقعدہ ۱۳۷۵ھ/ ۵/جولائی ۱۹۵۶ء بروز جمعرات لاہور میں ہوئی

حفظ قرآن کریم جامعہ مدنیہ ہی میں شعبہ حفظ کے استاذ قاری عبدالرشید صاحبؒ سے کیا، حضرت جیؒ کی زندگی میں اور بعد میں بھی جامعہ کی مدینہ مسجد میں ایک سال تراویح میں حضرت مولانا سید رشید میاں صاحب مدظلہم (موجودہ مہتمم جامعہ مدنیہ کریم پارک) اور ایک سال حضرت مولاناؒ سناتے تھے

درس نظامی کی تعلیم جامعہ مدنیہ ہی میں از اوّل تا آخر (دورہ حدیث شریف تک) مکمل کی اس تعلیم کا آغاز شوال المکرّم ۱۳۹۱ھ/ دسمبر ۱۹۷۱ء میں پندرہ سال کی عمر میں ہوا

حضرت مولاناؒ کے اساتذہ کرام اور ان سے جو کتابیں پڑھیں اس کی تفصیل یہ ہے :

---

[۱] یعنی حضرت امام ربانی مولانا رشید احمد گنگوہیؒ [۲] مقالات حامدیہ (قرآنیات) ص ۲۹

[۳] حضرت قاری شریف احمد صاحب رحمہ اللہ کے یہاں خانقاہی زبان میں حضرت مولانا سید حامد میاں صاحبؒ کو ''حضرت جیؒ'' کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

(۱) حضرت مولانا قاری عبد الرشید صاحبؒ (فاضل جامعہ مدنیہ لاہور) سے ترجمہ قرآن کریم، قصص النبیین، نفحة العرب، دیوان حماسہ، محیط الدائرہ، ھدایة النحو، کافیہ، شرح جامی (بحث فعل)، علم الصیغہ، شرح وقایہ اوّلین، ھدایہ اوّلین، سراجی، مؤطا امام محمدؒ، شرح معانی الآثار، مشکوٰة المصابیح اوّل، اصول الشاشی، نور الانوار، توضیح تلویح، شرح عقائد نسفی، شرح عقائد جلالی، تقریر دل پذیر (حضرت نانوتویؒ)، رشیدیہ، الفوز الکبیر، نخبة الفکر

(۲) حضرت مولانا عبد الرشید صاحب کشمیریؒ سے مقامات حریری، نور الایضاح، قدوری شریف

(۳) حضرت مولانا مرزا گل صاحبؒ سے ترمذی جلد ثانی، جلالین جلد ثانی، تفسیر بیضاوی، نحو میر، شرح مأة عامل

(۴) حضرت مولانا سید غازی شاہ صاحبؒ سے شرح جامی

(۵) حضرت مولانا مفتی عبد الحمید صاحب سیتاپوریؒ (فاضل دار العلوم دیوبند) سے صحیح مسلم، مشکوٰة المصابیح ثانی، دیوان متنبی

(۶) حضرت مولانا شریف اللہ خان صاحب سواتیؒ (تلمیذ حضرت شیخ الہندؒ) سے ھدایة رابع (حضرتؒ میرے جد امجد حضرت قاری صاحبؒ کے بھی استاذ تھے)

(۷) حضرت مولانا ظہور الحق صاحبؒ سے ابوداؤد، ھدایہ ثالث، جلالین اوّل، کنز الدقائق، مفید الطالبین

(۸) حضرت مولانا کریم اللہ صاحب دامانیؒ سے ترمذی اوّل، مختصر المعانی

(۹) والد محترم حضرت مولانا سید حامد میاں صاحبؒ سے صحیح البخاری

اس طرح شعبان المعظم ۱۴۰۱ھ/ جولائی ۱۹۸۱ء میں دورہ حدیث پڑھ کر جامعہ مدنیہ (کریم پارک) ہی سے فارغ التحصیل ہوئے اس وقت حضرت مولاناؒ کی عمر چھبیس سال تھی۔

شوال المکرّم ۱۴۰۱ھ/ ستمبر ۱۹۸۱ء سے جامعہ مدنیہ کریم پارک ہی میں تدریسی زندگی شروع ہوئی اور اپنے عظیم والد گرامی رحمہ اللہ تعالیٰ کے زیر نگرانی پڑھانا شروع کیا۔

تزکیہ نفس کے لیے حضرت جی مولانا سید حامد میاں صاحبؒ کے دستِ حق پرست پر بیعت کی اور سلوک کی منازل طے کرنی شروع کیں۔

حضرت جیؒ کی وفات ۱۳/ رجب المرجب ۱۴۰۸ھ/۳/ مارچ ۱۹۸۸ء کے بعد حضرت جیؒ کے خلفائے کرام حضرت مولانا قاری شریف احمد صاحب، حضرت حاجی محمود احمد عارف ہوشیار پوری اور حضرت مولانا غلام محمد صاحب سر بازی (ایران) رحمہم اللہ تعالیٰ نے حضرت جیؒ کی طرف سے حضرت مولانا سید رشید میاں صاحب مدظلہم اور حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب رحمہ اللہ کو خلافت عطا فرمائی۔ حضرت قاری صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں :

''حضرت مولانا سید حامد میاں صاحب نور اللہ مرقدہٗ سے جس طرح ہم لوگوں (خلفاء) نے اکتساب فیض کیا، اس کے بعد حضرت مولانا رحمہ اللہ نے خلافت سے نواز کر چاروں سلسلوں میں بیعت کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی، اسی طرح ہم خلفاء بھی مولانا مرحوم کے صاحبزادوں مولوی سید رشید میاں اور مولوی سید محمود میاں سلمہا کو بیعت کی اجازت دیتے ہیں۔ ہم خدام ہر دو بھائیوں کے حق میں دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اتباع سنت اور اپنے والد بزرگوار کے نقش قدم پر چلتے رہنے کی توفیق دے اور دین کی خدمت پوری مستعدی سے کرتے رہیں آمین !''[۱]

حضرت مولاناؒ نے اپنے والد گرامی کے اس سلسلے کو بڑی خوش اسلوبی سے آگے بڑھایا اور سینکڑوں مریدین ان کے حلقے میں شامل ہوئے ! باقاعدہ خانقاہ حامدیہ کی بنیاد جامعہ مدنیہ جدید میں رکھی ہر اتوار کو مجلس ذکر کا حلقہ بھی ہوتا تھا جیسا کہ حضرت جیؒ کے زمانے میں کریم پارک میں ہوتا تھا اللہ کا شکر ہے کہ یہ فیض جاری ہے اور ان کے جانشین عزیزم مولانا عکاشہ میاں صاحب زید مجدہم سے ہم پُر امید ہیں کہ اس فیض سے وہ دوسروں کو بھی مستفید کریں گے ! مولانا عکاشہ میاں صاحب کو

---

۱ تذکرۃ الشریف ص ۱۷۲

حضرت مولاناؒ کے خلیفہ اجل ڈاکٹر محمد امجد صاحب نے دیگر خلفاء کی معیت میں حضرتؒ ہی کی طرف سے خلافت عطا فرمائی ہے اور حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب مدظلہم (استاذ الحدیث جامعہ مدنیہ جدید) نے حضرت مولاناؒ کے سلسلہ میں بھی اور الگ سے اپنے سلاسل میں بھی موصوف کو مجاز بنایا ہے۔

حضرت مولاناؒ نے دو نکاح کیے، پہلا نکاح ۱۹؍جون ۱۹۸۷ء بروز جمعہ حضرت اقدس مولانا عزیر گل صاحب کا کاخیل (اسیر مالٹا) علیہ الرحمہ کے خاندان میں ہوا، رخصتی اور ولیمہ کی تقریب فروری ۱۹۸۸ء میں منعقد ہوئی، اس موقع پر حضرت جیؒ کی دعوت پر پاک و ہند کے جید علماء ولیمے میں تشریف لائے تھے حضرت مولاناؒ کے ولیمے کے بارہ دن بعد حضرت جی رحمہ اللہ کی وفات ہوگئی تھی ! دوسرا نکاح ۲۶؍جون ۱۹۹۶ء میں ہوا لیکن اولاد دونوں سے نہیں ہوئی، حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ نے بانی جامعہ حضرت مولانا سید حامد میاں صاحبؒ کے نواسے اور اپنے بھانجے مولانا عکاشہ میاں بن قاضی توحید عالم صاحب صدیقی کو متبنّٰی بنالیا تھا ان کی خوب خوب تربیت فرمائی اور اپنی نگرانی میں جامعہ ہی میں تعلیم دلائی، مولانا عکاشہ میاں نے ۱۴۴۳ھ/۲۰۲۲ء میں جامعہ مدنیہ جدید سے درس نظامی کی تکمیل کی، اس موقع پر حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہم نے تقریب تکمیل بخاری میں شرکت فرما کر دستار بندی بھی فرمائی تھی ، مولانا عکاشہ میاں کا نام اسی سال کے فضلاء کی فہرست میں اٹھائیسویں نمبر پر درج ہے۔ [۱]

حضرت جیؒ کی وفات کے اگلے روز ۱۴؍رجب المرجب ۱۴۰۸ھ/۴؍مارچ ۱۹۸۸ء کو جامعہ مدنیہ کی مجلس شوریٰ کا اجلاس ہوا جس میں بانی و امیر جامعہ حضرت مولانا سید حامد میاں صاحب قدس اللہ سرہٗ العزیز کی وفات کے بعد جامعہ کے نظم و نسق کے متعلق غور و خوض ہوا اور طے پایا کہ جامعہ مدنیہ لاہور کے سرپرست شیخ طریقت حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحبؒ (سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ کندیاں) امیر مولانا سید رشید میاں صاحب اور نائب امیر مولانا سید محمود میاں صاحبؒ ہوں گے اس فیصلے پر جن کے دستخط ہیں وہ یہ ہیں :

---

[۱] ماہنامہ انوار مدینہ ج ۳۰ ش ۳ ص ۴۵

(۱) حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحبؒ

(۲) حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحبؒ (بھکر)

(۳) حضرت مولانا قاری شریف احمد صاحبؒ (خلیفہ مجاز حضرت جی مولانا سید حامد میاں صاحبؒ)

(۴) محترم ڈاکٹر سید افتخار الدین صاحبؒ

(۵) حضرت مولانا عبدالغنی صاحبؒ (خلیفہ مجاز حضرت جیؒ)

(۶) محترم محمد سلیم صاحبؒ (گندھک والے، کراچی)

(۷) حضرت مولانا سید محمد صاحب بنوریؒ (ابن محدث العصر حضرت مولانا سید محمد یوسف صاحب بنوریؒ)

(۸) حضرت محمود احمد صاحب عارفؒ (خلیفہ ومجاز حضرت جیؒ)

(۹) حضرت مولانا سید رشید میاں صاحب مدظلہم

(۱۰) حضرت مولانا سید محمود میاں صاحبؒ

(۱۱) محترم حاجی مبین احمد صاحبؒ

جامعہ مدنیہ حضرت جیؒ کی وفات کے بعد تعلیمی میدان میں بحمد اللہ ترقی کرتا رہا حضرت جیؒ کی دیرینہ خواہش تھی کہ جامعہ مدنیہ کے بڑے پیمانے پر توسیع ہو اور اس کے ساتھ خانقاہ بھی ہو اس لیے کہ مدارس میں تعلیم کے ساتھ تزکیہ نفس بہت ضروری ہے اس خواہش کی تکمیل کے لیے ۱۴۰۱ھ/ ۱۹۸۱ء میں ۱۹ رکلومیٹر رائیونڈ روڈ پر پچیس ایکڑ جگہ خریدی گئی اور جامعہ کا آغاز حفظ قرآن مجید کی کلاسوں سے ہوا اس جگہ کا نام ''محمد آباد'' رکھا گیا۔

۱۲ رشعبان المعظم ۱۴۲۰ھ/ ۲۲ رنومبر ۱۹۹۹ء کو مجلس شوریٰ کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جامعہ مدنیہ کو انتظامی و تعلیمی طور پر دو حصوں میں منقسم کر دیا جائے اس لیے قدیم جامعہ کریم پارک میں ہے اور جدید رائیونڈ روڈ پر۔

تعلیمی نظام کی صحیح دیکھ بھال کے لیے مستقل مہتمم ہر ایک جگہ ہونا ضروری ہے کیونکہ مدرسہ کہیں اور ہو اور مہتمم دوسری جگہ ہو تو پہلے تعلیم اور پھر مدرسہ دونوں برباد ہو جاتے ہیں کراچی کے ایک مہتمم اور ان کے مدرسے کی مثال سامنے تھی جو اندرونِ سندھ تھا اس لیے فیصلہ ہوا کہ قدیم جامعہ کریم پارک حضرت جیؒ کے بڑے صاحبزادے حضرت مولانا سید رشید میاں صاحب مدظلہم کے اہتمام میں جبکہ جامعہ مدنیہ جدید رائیونڈ روڈ پر حضرت جیؒ کے منجھلے صاحبزادے حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب (رحمہ اللہ) کے اہتمام میں ہوگا، اس طرح حضرت مولاناؒ جامعہ مدنیہ جدید کے مہتمم تا وقتِ وفات رہے جو ساڑھے چھبیس سال کا عرصہ ہوتا ہے تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنهُ ! اللہ تعالیٰ حضرت مولاناؒ کی خدماتِ حدیث اور رسول اللہ ﷺ کے دین کے علوم کی حفاظت میں جو تن من دھن سے مصروف رہے اسے اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے جامعہ کی حفاظت فرمائے ہر قسم کے شرور وفتن سے محفوظ فرمائے، محترم مولانا عکاشہ میاں صاحب حامدی زید مجدہم کو حضرت مولاناؒ کا صحیح جانشین بنائے اور انہیں حضرت مولاناؒ کے نقش قدم پر چلائے، آمین۔

حضرت جیؒ اور حضرت مولاناؒ کے متوسلین کا فرض ہے کہ جامعہ مدنیہ قدیم وجدید کے لیے اپنے لمحات میں سے چند لمحے وقف فرما کر اس کی آبیاری اور دین متین کی خدمت کریں اور ان دو اداروں اس کے بانی محترمؒ اس کے کارکنان وخدام کو اپنی خصوصی دعاؤں میں شامل کریں۔

حضرت مولاناؒ کے ہم سبق اور ہم عصروں میں آپ کے علاتی بھائی حضرت مولانا سید وحید میاں صاحبؒ (حضرت جیؒ کے صاحبزادے)، حضرت مولانا نعیم الدین صاحب مدظلہم، حضرت مولانا عبدالحفیظ صاحب مدظلہم، حضرت مولانا خالد محمود صاحب مدظلہم (شیخ الحدیث جامعہ مدنیہ جدید)، حضرت مولانا قاری محمد عثمان صاحب مدظلہم (شیخ الحدیث جامعہ دار التقویٰ، لاہور) شامل ہیں جبکہ مشہور تلامذہ میں حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب مدظلہم، مولانا سید مسعود میاں صاحب، مولانا محمد شاہد ریاض صاحب، مولانا محمد عرفان صاحب، مولانا معین الدین صاحب، مولانا محمد زکریا صاحب،

مولانا محمد ولید الرشیدی صاحب، مولانا محمد شاہد جاوید صاحب، مولانا حکیم محمد امین صاحب، مولانا مختار احمد صاحب، مولانا حفیظ الرحمٰن صاحبؒ، مولانا محمد عابد صاحب حامدی، مولانا محمد عمران رشید صاحب (ابن حضرت مولانا قاری عبدالرشید صاحبؒ)، مولانا محمد عارف صاحب چنیوٹیؒ، مولانا محمد اعجاز صاحب، مولانا عبدالواحد صاحب، مولانا خالد عثمان صاحب، مولانا انعام اللہ صاحب، مولانا محمد شاہد صاحب، مولانا محمد سعد کلیم صاحب، مولانا محمد ابراہیم صاحب برمی، مولانا محمد یونس صاحب، صاحبزادہ مولانا عکاشہ میاں صاحب زید مجدہم وغیرہ شامل ہیں۔

ماہنامہ انوار مدینہ لاہور جو حضرت جیؒ نے ۱۹۷۰ء میں جاری فرمایا تھا تقریباً پانچ سال تک آب وتاب کے ساتھ شائع ہوتا رہا پھر حالات کی نذر ہوگیا حضرت مولاناؒ نے بعض بزرگوں کے اصرار پر اس سلسلے کو ربیع الثانی ۱۴۱۳ھ/ اکتوبر ۱۹۹۲ء سے پھر شروع فرمایا بحمداللہ تعالیٰ یہ سلسلہ ثانی تاوقتِ تحریر جاری ہے اور اللہ کرے آگے بھی یہ دین کی اشاعت کا ذریعہ بنتا رہے اس نقش ثانی کے دوسرے شمارے جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳ھ/ نومبر ۱۹۹۲ء سے حضرت مولاناؒ نے اداریہ تحریر فرمانا شروع کیا پہلے اداریے کا عنوان تھا ''الٰہی ! تیرے نام سے ابتداء کررہا ہوں'' یہ صحافتی سلسلہ حضرت مولاناؒ کو اپنے والد گرامی حضرت جیؒ کے واسطے سے ملا اور حضرت مولاناؒ کے دادا حضور مؤرخ ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحبؒ (جو حضرت شیخ الاسلامؒ کی نظر میں ''حیوانِ کاتب'' تھے) سے حضرت جیؒ کو ملا تھا اس لیے کہ حضرت مؤرخ ملتؒ نے بھی ''ماہنامہ قائد'' مراد آباد سے جاری فرمایا تھا یہ ۱۹۴۴ء کی بات ہے پھر ''الجمعیۃ دہلی'' کے ادارتی شعبے سے بھی وابستہ رہے، حضرت مولاناؒ نے اپنے عظیم المرتبت والد گرامی اور دادا حضور رحمہم اللہ تعالیٰ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے صحافتی زندگی میں بھی قدم رکھا، میں امید کرتا ہوں کہ حضرت مولانا محمد عابد صاحب مدظلہم (ناظم تعلیمات جامعہ مدنیہ، لاہور) سے کہ حضرت مولاناؒ کے اداریے اور مقالات وخطبات کو جمع فرمائیں گے تاکہ ہم جیسے طالب علموں کے لیے استفادے کا باعث ہوں !

حضرت مولاناؒ کو سیاست میں آکر قوم کو صحیح سمت کی آگاہی کا جذبہ اپنے دادا حضور اور والد گرامی سے ورثے میں ملا اسی لیے وہ ساری زندگی بڑے اخلاص کے ساتھ جمعیت علماء اسلام سے وابستہ رہے

اور آخر میں جمعیت علماء اسلام صوبہ پنجاب کے امیر منتخب ہوئے، ایک مرتبہ میں آپ کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا مجھے نصیحت فرماتے ہوئے یہ بات بھی ارشاد فرمائی :

''والد صاحب (یعنی حضرت جی مولانا سید حامد میاں صاحب) رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ میں جمعیت علماء اسلام کا رکن بننے پر اپنے رب کی خوشنودی اور مغفرت کی امید رکھتا ہوں'' اَوْ کَمَا قَالَ !

۲۵ر جمادی الاولیٰ ۱۴۰۹ھ/ ۳ر جنوری ۱۹۸۹ء کی بات ہے کہ میں اپنی ہمشیرہ کی شادی کے سلسلے میں لاہور میں تھا حضرت مولاناؒ کے پاس بھی حاضر ہوا آپ نے ارشاد فرمایا :

''حضرت والد صاحب (حضرت جیؒ) نے ہمیں تعلیم دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ جب سے بالغ ہوا ہوں اس وقت سے میری کوئی نفل نماز (تہجد، اشراق، چاشت، اوّابین وغیرہ) کبھی قضا نہیں ہوئی اور اگر بیماری میں کبھی ایسا ہو بھی گیا تو دن رات میں کسی بھی وقت یہ رکعتیں نفلوں میں پوری کر لیتا ہوں''[۱]

حضرت مولاناؒ گاڑی بہت عمدہ چلاتے تھے یہ حضرتؒ کا ایک زمانے میں شوق بھی رہا ہے اس پر ایک لطیفہ بھی یاد آیا مارچ ۱۹۹۵ء میں حضرت مولاناؒ میرے ولیمے میں کراچی تشریف لائے میرے جد امجد حضرت قاری صاحبؒ نے مجھے ایک صاحب کے ہمراہ کراچی کے ہوائی میدان بھیجا کہ مولانا کو لے آو، جب ہوائی میدان سے چلنے لگے تو حضرت مولاناؒ نے فرمایا کہ گاڑی میں چلاؤں گا گاڑی تھی کھچاڑا سی اس میں ہارن نہیں بج رہا تھا حضرت نے فرمایا اس میں ہارن کے علاوہ سب چیز بج رہی ہے ! !
اس موقع پر مجھے بٹھا کر ایک نصیحت فرمائی کہ تمہاری شادی ہوگئی ہے اب تمہارا یہ بھی فرض ہے کہ موقع بہ موقع اپنی اہلیہ کو سیر و سیاحت شرعی حدود کے اندر کرانا لازم ہے، بعض مولوی اس میں بہت بدذوق ہوتے ہیں اور وہ اس شرعی ذمہ داری کو اہمیت نہیں دیتے اس سے معلوم ہوا مولاناؒ خشک مزاج نہیں تھے ! !
ایک مرتبہ فرمانے لگے کہ ''ورنہ'' کے معنیٰ معلوم ہیں ؟ پھر خود ہی فرمایا کہ غصے میں کہہ

[۱] یادِ ماضی: ج۱، ص۱۴۳ قلمی نسخہ

دیتے ہیں کہ ورنہ ؟ اس پر حضرت علامہ ڈاکٹر خالد محمود صاحب رحمہ اللہ کا واقعہ سنایا کہ وہ عمرے پر گئے ٹیکسی والا بہت بے توجہی سے چلا رہا تھا علامہ صاحبؒ نے کئی مرتبہ فرمایا کہ جلدی چل ! آخر میں علامہ صاحبؒ نے کہا جلدی چل ورنہ........ٹیکسی والے نے کہا ورنہ کیا ؟ علامہ صاحبؒ نے فرمایا یہ کہ اسی طرح سستی کے ساتھ تیری ٹیکسی میں جائیں گے ! !

حضرت مولاناؒ کا کراچی کا آخری سفر جمادی الثانی ۱۴۴۵ھ/ جنوری ۲۰۲۴ء میں ہوا، اس سفر میں صاحبزادہ محترم مولانا عکاشہ میاں سلّمہٗ بھی ہمراہ تھے، معہد الخلیل الاسلامی کراچی نے ختم بخاری شریف کے لیے دعوت دی تھی حضرت محترم مولانا مفتی سلمان یٰسین صاحب الخلیلی مدظلہم کے گھر قیام تھا حضرت مفتی صاحب نے رات کے کھانے پر بعض قریبی متعلقین کو جمع کیا تھا اس موقع پر حضرتؒ سے سب نے بے تکلفی سے بات چیت کی، حضرت مولاناؒ نے اس موقع پر فرمایا حضرت مولانا سید عزیر گل صاحبؒ کو صد سالہ اجلاس دیوبند کے لیے بہت اصرار کیا گیا کہ آپ اس میں شرکت فرمائیں اس لیے کہ اس وقت فضلاء دیوبند میں وہ واحد شخصیت تھے جن کی دستار بندی ہو چکی تھی ان کے علاوہ جتنے تھے بشمول حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ (مہتمم دارالعلوم دیوبند) کسی کی بھی دستار بندی نہیں ہوئی تھی اس سلسلے میں جامعہ مدنیہ کریم پارک میں ایک اجلاس ہوا اور مولانا ضیاء القاسمیؒ نے اس وقت اس مد میں کہ حضرت مولانا سید عزیر گل صاحب کو لے جانے پر جو خرچہ آئے پانچ ہزار روپے دیے تھے مجھے حضرت جیؒ نے سخا کوٹ بھیجا حضرت مولانا سے درخواست کی حضرت نے انکار فرما دیا میں نے کہا کہ ''پروگرام'' یہ ہے کہ آپ کو ہیلی کاپٹر سے بھیجا جائے کوئی تکلیف نہیں ہوگی، فرمایا اچھا ! پروگرام ! ہم ساری عمر انگریز سے لڑتے رہے اور اب تم انگریزی لفظ میرے سامنے بولتے ہو ؟ اور یہ بھی فرمایا کہ

> ''میں دیوبند جاؤں گا در و دیوار دیکھوں گا حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحبؒ
> اور حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ کو نہیں دیکھوں گا اس کی تاب نہیں ہے''

حضرت مولانا یاسر عبداللہ صاحب مدظلہٗ نے سوال کیا کہ آپ کے دادا جان (حضرت مؤرخ ملتؒ) کی سب کتابیں چھپ گئی ہیں ؟ آپ نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ دادا جان کی کتابیں سب چھپی ہیں

لیکن کچھ اب نایاب ہیں اس سلسلے میں اسے (کاتب الحروف کی طرف اشارہ فرمایا) اور عابد (اپنے ہونہار شاگرد بلکہ شاگرد رشید مولانا محمد عابد صاحب مدظلہم) کو مجھ سے زیادہ معلومات ہیں مجھے جب ضرورت ہوتی ہے ان سے رابطہ کرتا ہوں، کاتب الحروف نے عرض کیا کہ ابھی ایک نایاب کتاب حضرت مؤرخ ملتؒ کی ملی ہے ''طریقۂ تقریر'' دو حصوں میں، فرمانے لگے یہ مجھے ابھی علم ہوا اس کتاب کا

حضرت مولانا مفتی محمد سلمان صاحب الخلیلی مدظلہم نے حضرت سے عرض کیا (کاتب الحروف سے متعلق) کہ ان کا قلم نیزے کا ہے نیزے سے لکھتے ہیں۔ حضرت مولاناؒ نے فرمایا اس وقت تو باتیں فائرنگ کی ہی ہو رہی ہیں (اس لیے اس وقت مجلس نشانہ بازی کی مشق کی باتیں ہو رہی تھیں) حضرت مفتی صاحب نے فرمایا کہ ہم کبھی کبھی ان کے ساتھ گستاخی کر لیتے ہیں، مولانا نے فرمایا آپ گستاخی کرتے رہا کیجیے تاکہ نیزے کا قلم برقرار رہے (حضرت مفتی صاحب کا نیزے کا قلم کا اشارہ میری تحریرات میں سختی کی طرف تھا)

حضرت مولانا رحمہ اللہ پر کاتب الحروف نے بے ترتیب اور بے ربط چند سطریں لکھی ہیں اس لیے کہ لکھنے کا ملکہ مجھے نہیں ہے اللہ تعالیٰ اسے ہی قبول فرمائے، آمین

اب آخر میں حضرت رحمہ اللہ کے مکاتیب میں سے منتخب خطوط پیش ہیں کاتب الحروف نے حضرت جی نور اللہ مرقدہ پر ایک مختصر سا مضمون لکھا تھا اور وہ روزنامہ جنگ کراچی میں چھپ گیا تھا وہ مضمون میرے جدامجد حضرت قاری صاحب نور اللہ مرقدہٗ نے اپنے ایک خاص شاگرد جناب آفتاب حسین صاحب (مرحوم) کے ہاتھ حضرت مولاناؒ کو بھیج دیا تھا اس پر حضرت مولاناؒ نے تحریر فرمایا

برادر عزیز تنویر احمد صاحب حفظہ اللہ

سلام مسنون !

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے بھائی آفتاب صاحب کے ہاتھ روزنامہ جنگ میں شائع شدہ مضمون موصول ہوا، پڑھ کر انتہائی مسرت ہوئی اپنے بڑوں کے ذکر کو زندہ رکھنا اور اس کے لیے دل وجان سے کوشش کرنا ان سے اپنے

بے لوث تعلق کے اظہار کے طریقوں میں سے ایک طریقہ ہے اللہ تعالیٰ اس تعلق کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور ہم سب سے اپنے دین متین کی زیادہ سے زیادہ خدمت لیے جائے آمین !

نیز ''علاماتِ قیامت'' کا کیا بنا ؟ مسلسل انتظار ہے خواستگار دعا !

والسلام

محمود میاں غفرلہٗ

۲۸ر جنوری ۱۹۹۲ء

☆

''علاماتِ قیامت'' حضرت جی قدس اللہ سرہ العزیز کی ایک مختصر کتاب تھی حضرت مولاناؒ نے اشاعت کے لیے مرحمت فرمائی تھی وہ جب مکتبہ رشیدیہ کراچی سے شائع ہوگئی تو اس کے چند نسخے حضرت مولاناؒ کو بھیجے اس پر آپ نے تحریر فرمایا

عزیز القدر جناب تنویر احمد صاحب زاد اللہ لطفکم

سلام مسنون !

امید ہے کہ آپ بہ عافیت ہوں گے ۔آپ کے شوق و محبت کی ایک اور علامت ''علاماتِ قیامت'' کی خوب صورت طباعت کی شکل میں موصول ہوئی اللہ پاک آپ کے اس عمل کو قبول فرمائے اور دنیا وآخرت کی بلندیوں سے نوازے آمین !

رمضان المبارک میں خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے والد صاحب و برادران کی خدمت میں سلام پیش کر دیں ۔

والسلام

محمود میاں غفرلہٗ

۲ر رمضان المبارک ۱۴۱۲ھ / ۷ر مارچ ۱۹۹۲ء

☆

برادر محترم عزیز القدر زاد اللہ لطفکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ بخیر وعافیت ہوں گے، یہاں بھی بحمد اللہ ہر طرح عافیت ہے

حضرت قاری محمد طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا صرف ایک خط حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے نام میرے پاس ہے اور یہ خط بہت اہم اور تاریخی ہے اس کی فوٹو کاپی ارسال کر رہا ہوں اس کا عکس بھی طبع ہو جائے اور اس کے ساتھ کتابت شدہ بھی تو میرے خیال میں زیادہ مفید رہے گا ماہنامہ انوار مدینہ اگست ۲۰۰۰ء میں یہ خط کتابت کرا کر شائع ہو چکا ہے [1]

حضرت والد صاحبؒ کے نام حضرت اقدس مدنیؒ کے مکاتیب جناب قاری شریف احمد صاحب مد ظلہم نے کتابت کرائے تھے وہ ابھی تک طبع نہیں ہوئے ہیں بہت سارے ہیں میں نے ان کو کچھ زیادہ ہی سنبھال کر رکھ دیا ہے تلاش کر رہا ہوں ابھی تک نہیں ملے اگر قاری صاحب کے پاس ان کی کوئی کاپی ہو تو ان سے آپ بھی لے لیں اور ایک کاپی مجھے بھی ارسال کر دیں تو احسان ہوگا حضرت دادا جان نور اللہ مرقدہ کا کمپوزنگ شدہ مضمون آپ چاہیں تو بھیج سکتے ہیں ان شاء اللہ حسب استطاعت کچھ تحریر کر دوں گا

---

[1] کاتب الحروف نے حضرت شیخ الاسلامؒ کے وہ مکاتیب جو ''مکتوبات شیخ الاسلامؒ'' کا حصہ نہیں بن سکے انہیں جمع کرنے کا کام شروع کیا تھا اور اس وقت سے اب تک بہت سے خطوط جمع ہو گئے ہیں ان شاء اللہ العزیز ''مکتوبات جلد پنجم'' کے عنوان سے عنقریب شائع ہوں گے اس طرح حضرت حکیم الاسلامؒ کے مکاتیب جمع کرنے شروع کیے تھے ان کی ترتیب ابھی تک نہیں کر سکا (شریفی)

حضرت قاری صاحب مدظلہم اپنے والد صاحب اور دیگر پرسان حال کی خدمت میں سلام اور دعا کی درخواست کر دیں۔ خواستگار دعا !

محمود میاں غفرلہٗ

۲۸ رجمادی الاولیٰ ۱۴۲۶ھ / ۵رجولائی ۲۰۰۵ء

☆

محترم ومکرم زاد اللہ اقبالھم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ بخیر وعافیت ہوں گے یہاں بھی بحمد اللہ عافیت ہے

جامعہ کے دستور کی کاپی وداخلہ فارم بطورِ نمونہ روانہ کر رہا ہوں کیونکہ بھائی آفتاب صاحب نے اس بارے میں آپ کا پیغام دیا تھا ایک تکلیف آپ کو دے رہا ہوں کہ دارالعلوم کراچی اور بنوری ٹاؤن کے دستور کی کاپیاں اور تنخواہوں کے اسکیل کی تفصیلات فوری درکار ہیں دارالعلوم والوں نے تو تنخواہوں کے اسکیل کا چاٹ بنا رکھا ہے سنا ہے آسانی سے دے دیتے ہیں کوشش کرلیں ممنون ہوں گا

پرسان احوال کی خدمت میں سلام سب بھائی کہتے ہیں

والسلام

محمود میاں غفرلہٗ

۱۰رجولائی ۱۹۹۵ء

☆

کاتب الحروف نے ایک خواب دیکھا تھا وہ میں نے حضرت مولاناؒ کو لکھا خواب یہ تھا کہ قصور شہر یا کوئی اور پنجاب کا شہر ہے قصور زیادہ ذہن میں ہے میں وہاں گیا اور ایک مدرسے کے برابر حویلی نما گھر ہے اس گھر میں غالبًا ایک شادی ہے وہاں مہمان بنا معلوم یہ ہوا کہ یہ صدر پرویز مشرف کا گھر ہے اور وہی میزبان ہیں ان کے گھر کی عورتوں نے کافی مہمانی کی، صدر صاحب کے ساتھ بغیر پروٹوکول کے ایک

رکشہ میں بیٹھ کر کہیں گیا لیکن جہاں سے رکشہ گیا وہ کراچی کے بہادر آباد کا علاقہ لگتا ہے رکشے والا متشرع تھا، صدر صاحب سے کچھ مذہبی باتیں ہوئیں جس سے معلوم ہوا کہ ان کا ذہن مذہبی ہے اس کے بعد وہ مدرسہ میں نے دیکھا مدرسہ بھی دیکھا بھالا لگتا تھا اس کے بعد آنکھ کھل گئی لیکن پریشانی یہ ہے کہ مجھ جیسا غریب اور کہاں صدر کا مہمان اور وہ بھی اس جیسے ناہنجار کا ؟

یہ خواب ۲۳ رذوالحجہ ۱۴۲۸ھ/ ۳ رجنوری ۲۰۰۸ء کو دیکھا تھا حضرت مولانا علیہ الرحمہ نے جواب مرحمت فرمایا

محترم ومکرم سلمہم اللّٰہ تعالیٰ وزاد اللّٰہ محاسنہم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بحمداللہ ! بہ خیریت ہوں امید ہے کہ آپ مع افراد خانہ بہ عافیت ہوں گے اس نوعیت کے خواب بعض دیگر دینی احباب نے بھی دیکھے ہیں ایسا سمجھ میں آتا ہے کہ بڑے صاحب کو اپنے قصور اور کوتاہیوں کا اعتراف ہے اور اب دل سے اپنی جماعتوں کی قدر پیدا ہوئی ہے مگر ذاتی طور پر بہادر ہونے کے باوجود اپنی قدر ومنزلت کھو بیٹھے ہیں اور نوبت چھوٹی چھوٹی جماعتوں کے سہارے کی آگئی مگر رکشہ تو رکشہ ہی ہے واللّٰہ تعالیٰ اعلم !

دو نفل پڑھ کر اہل حق کے لیے خیر کی طلب اور شر سے پناہ چاہ لیں حضرت قاری صاحب مدظلہم اور دیگر پرسان احوال کی خدمت میں سلام اور دعاؤں کی درخواست جوابی لفافہ بھیجنے کا تکلف کیوں کیا ؟ خواستگار دعا

والسلام

محمود میاں غفرلہٗ

۵ رجنوری ۲۰۰۸ء

✡✡✡

# تفصیلی فہرست

## خطباتِ جمعہ و دروس الحدیث

## حضرت مولانا سیّد محمود میاںؒ

## خانقاہ حامدیہ قدوسیہ چشتیہ ، محمد آباد

## شارع رائیونڈ لاہور پاکستان

شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ ''خانقاہ حامدیہ'' کے تحت ہفتہ وار مجلسِ ذکر کے بعد درسِ حدیث نیز جامعہ مدنیہ جدید کی مسجد حامد میں ہر جمعہ کا بیان بھی فرماتے تھے ! عوام اور سالکین آپ کی رُشد و ہدایت کی شمع سے فیضیاب ہوتے رہے، یہ دروس علم وعرفان ، معرفت وحکمت اور مذہبی و سیاسی شعور کا ایک انتہائی مفید ذخیرہ ہیں جو اپنی افادیت کے اعتبار سے بے مثال اور لازوال ہیں !

خانقاہ حامدیہ کے زیرِ اہتمام دسمبر۲۰۱۳ء سے ان دروس وخطبات کی آڈیو ریکارڈنگ کا باقاعدہ اہتمام کیا گیا، جامعہ کے مدرس مولانا مفتی محمد فہیم صاحب مدظلہم نے بڑی ذمہ داری سے ان بیانات کی ریکارڈنگ کی جو جامعہ مدنیہ جدید کی ویب سائٹ پر استفادہ کے لیے موجود ہیں، ان دروس پر کمپوزنگ اور نظرِ ثانی کا کام جاری ہے جن کی ماہنامہ انوار مدینہ میں تاریخ وار ترتیب کے لحاظ سے جنوری۲۰۲۶ء سے اشاعت بھی شروع ہوگئی ہے ، فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ !

حضرتؒ کے تمام دروس وخطباتِ جمعہ کی مکمل فہرست افادہ عام کے لیے درج کی جارہی ہے ملاحظہ فرمائیں ! محمد امجد غفرلہٗ

# فہرست خطباتِ جمعہ

## شیخ الحدیث حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب

| شمار | تاریخ | عنوان |
|---|---|---|
| 1 | 27.12.2013 | مذہبی شناخت : ڈاڑھی بڑھاؤ ، مونچھیں ترشواؤ ! |
| 2 | 17.01.2014 | ٹریفک قوانین کی پاسداری ! |
| 3 | 31.01.2014 | مہمان بننے کے آداب ! |
| 4 | 07.02.2014 | تین آدمی جن کا ثواب دگنا ہوتا ہے ! |
| 5 | 21.02.2014 | تین آدمی جن کا ثواب دگنا ہوتا ہے، غلاموں کو آداب و تعلیم کا انتظام |
| 6 | 28.02.2014 | غزوات کیوں ہوئے ؟ |
| 7 | 14.03.2014 | مدینہ کی طرف ہجرت کی تیاری ! |
| 8 | 28.03.2014 | نبی علیہ الصلٰوۃ والسلام کی مدینہ منورہ کی طرف ہجرت ! |
| 9 | 04.04.2014 | نبی علیہ الصلٰوۃ والسلام کا ہجرت کے بعد یہود سے معاہدہ ! |
| 10 | 23.05.2014 | ہر ترقی کی ایک انتہاء ہوتی ہے ! |
| 11 | 30.05.2014 | ہائی کورٹ کے احاطہ میں ! |
| 12 | 25.07.2014 | فلسطین پر ظلم ، قصوروار کون ؟ |
| 13 | 03.10.2014 | تکبیراتِ تشریق ، عیدین اسلام کے شعائر ہیں ! |
| 14 | 05.12.2014 | ماہ صفر کے متعلق غلط عقائد ! |

| | | |
|---|---|---|
| 15 | 26.12.2014 | سزائے موت کی آڑ میں ! |
| 16 | 02.01.2015 | ناپ تول میں کمی کرنے والے ! |
| 17 | 09.01.2015 | مدارس کے خلاف سازشیں ! |
| 18 | 23.01.2015 | اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور فرقہ میں مت پڑو ! |
| 19 | 30.01.2015 | ایمان بچانا ضروری ہے ! |
| 20 | 06.02.2015 | صحابہ پر تنقید نبی پر تنقید کے مترادف ہے ! |
| 21 | 20.02.2015 | نازک حالات میں رجوع اِلی اللہ کی ضرورت ہے ! |
| 22 | 27.02.2015 | سرداروں کے لیے کھڑے ہونا ! |
| 23 | 06.03.2015 | عقل اور عقلمند ! |
| 24 | 13.03.2015 | سونے کے آداب ! |
| 25 | 20.03.2015 | غصہ کی قسمیں ! |
| 26 | 27.03.2015 | صفائی نصف ایمان ہے ! |
| 27 | 03.04.2015 | پڑوسی کے حقوق ! |
| 28 | 10.04.2015 | بے لوث تعلق ! |
| 29 | 08.05.2015 | حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جب بھوک سے گر پڑے ! |
| 30 | 15.05.2015 | صدر مملکت کے نام ! |
| 31 | 22.05.2015 | بھوکے کو کھانا کھلانا افضل صدقہ ہے ! |
| 32 | 29.05.2015 | قائد کیسا ہونا چاہیے ؟ |
| 33 | 05.06.2015 | سکول و کالج میں غیر مسلم اساتذہ ! |

| | | |
|---|---|---|
| 34 | 31.07.2015 | سونے کے آداب ! |
| 35 | 04.09.2015 | سردار کے لیے کھڑا ہونا ! |
| 36 | 11.09.2015 | لفظ ''آپ'' کا استعمال ! |
| 37 | 18.09.2015 | اسلام کی شان وشوکت ! |
| 38 | 25.09.2015 | مسنون دعائیں ! |
| 39 | 02.10.2015 | شرک اصغر کیا ہے ؟ |
| 40 | 09.10.2015 | پانی کا ضیاع ! |
| 41 | 16.10.2015 | کیا اسلام کا پہلا مہینہ منحوس ہے ؟ |
| 42 | 27.11.2015 | عالمی حالات خراب ، ذمہ دار کون ؟ |
| 43 | 04.12.2015 | نماز کے لیے اذان کا مطلب ! |
| 44 | 29.01.2016 | جذباتی یا انتہاء پسندی جیسی اصطلاحات ! |
| 45 | 12.02.2016 | کیا مذہب ذاتی معاملہ ہے ؟ |
| 46 | 04.03.2016 | گستاخِ رسول کی سزا ! |
| 47 | 11.03.2016 | سابقہ امتوں نے نبیوں کو جھٹلایا تو ہلاک ہوئے ! |
| 48 | 18.03.2016 | ملکی زبان کی اہمیت ! |
| 49 | 25.03.2016 | اسلام اور کفار کے عسکری قوانین میں فرق ! |
| 50 | 08.04.2016 | جاہلیت کے نکاح کی ایک قسم ! |
| 51 | 15.04.2016 | دور جاہلیت کے تین شرم ناک نکاح ! |
| 52 | 22.04.2016 | عورت اور حیاء ! |

| | | |
|---|---|---|
| 53 | 29.04.2016 | سسرالی رشتہ ! |
| 54 | 13.05.2016 | تزکیہ کیا ہے ؟ |
| 55 | 20.05.2016 | احسان کیا ہے ؟ |
| 56 | 27.05.2016 | تکبر کسے کہتے ہیں ! |
| 57 | 22.07.2016 | اللہ کی راہ میں خرچ کرنا ! |
| 58 | 12.08.2016 | شرابی اور اس کے خاندان کی حالت ! |
| 59 | 23.09.2016 | انسان بوڑھا ہوجاتا ہے ،لیکن دو چیزوں کی خواہش بوڑھی نہیں ہوتی |
| 60 | 30.09.2016 | عظمت صحابہ رضی اللہ عنہم ! |
| 61 | 07.10.2016 | ماہ محرم کے متعلق غلط عقائد حصہ 1 |
| 62 | 14.10.2016 | ماہ محرم کے متعلق غلط عقائد حصہ 2 |
| 63 | 21.10.2016 | اللہ تمہاری مدد کب کرے گا ؟ |
| 64 | 04.11.2016 | ناخن کاٹنا فطرت میں سے ہے ! |
| 65 | 18.11.2016 | صفائی نصف ایمان ہے ! |
| 66 | 25.11.2016 | آخرت میں بغیر سزا کے نجات ! |
| 67 | 02.12.2016 | اللہ طاقت والا زبردست ہے ! |
| 68 | 09.12.2016 | آخری نبی کے ذریعے دنیا کا آخری اور حتمی قانون حصہ 1 |
| 69 | 16.12.2016 | آخری نبی کے ذریعے دنیا کا آخری اور حتمی قانون حصہ 2 |
| 70 | 23.12.2016 | ظالم کون ؟ |
| 71 | 30.12.2016 | اسلام ایک مکمل دین ہے ! |

| | | |
|---|---|---|
| 72 | 06.01.2017 | اسلام اور تکمیل نکاح (زمانہ جہالیت کے نکاح) ! |
| 73 | 13.01.2017 | اسلام اور توحید ! دریائے گنگا کا منبع اور شرک ! |
| 74 | 20.01.2017 | قانون ناموس رسالت میں ترمیم کی ناجائز کوشش ! |
| 75 | 27.01.2017 | تعظیم بغیر تعلیم کے سببِ شرک ہے ! |
| 76 | 10.02.2017 | دین اسلام کامل ہے، اسلام سب سے جدید مذہب ہے ! |
| 77 | 17.02.2017 | ملک کے خراب حالات اور منصوبہ ساز ادارے ! |
| 78 | 24.02.2017 | خودکش دھماکوں کے اصل ذمہ دار ملک کی مقتدر قوتیں ہیں ! |
| 79 | 03.03.2017 | دنیا میں مسافر کی طرح رہو ! |
| 80 | 10.03.2017 | بھگوڑی گستاخ اور جسٹس صدیقی ! |
| 81 | 17.03.2017 | انسان کی پیدائش اور تقویٰ ! |
| 82 | 24.03.2017 | کپڑے بدلنے کا مسنون عمل ! |
| 83 | 12.05.2017 | دین اسلام کو مضبوطی سے پکڑلو ! |
| 84 | 19.05.2017 | ملک کا عدالتی نظام ! |
| 85 | 26.05.2017 | رمضان المبارک اور قرآن، غمخواری کا مہینہ ! |
| 86 | 02.06.2017 | نجات کے لیے تین شرائط ! |
| 87 | 16.06.2017 | شبِ قدر ! |
| 88 | 23.06.2017 | اللہ بے نیاز ہے ! صدقہ فطر ! |
| 89 | 30.06.2017 | ایک حادثہ ( پٹرول کا ٹینکر الٹ گیا) اور قوم کی ترتیب کا حال ! |
| 90 | 07.07.2017 | مرشد طوطا ! |
| 91 | 14.07.2017 | قانون ساز اداروں کی ضرورت ؟ |

| | | |
|---|---|---|
| 92 | 21.07.2017 | عمارت بنانا ! |
| 93 | 28.07.2017 | لفظ ’’یار‘‘ کا استعمال ! |
| 94 | 04.08.2017 | انگریزی لفظ ’’سر‘‘ کا استعمال ! |
| 95 | 11.08.2017 | جائیداد سے محبت کرنا ! |
| 96 | 18.08.2017 | زمین پر ناجائز قبضہ ! |
| 97 | 25.08.2017 | ذی الحجہ کی دس راتیں ! |
| 98 | 01.09.2017 | امریکہ دھمکی جواب ! |
| 99 | 08.09.2017 | برما مظلوم ! |
| 100 | 15.09.2017 | مسلم جسم واحد ! |
| 101 | 22.09.2017 | نیا سال ۱۴۳۹ھ ! |
| 102 | 29.09.2017 | عاشورا کا روزہ ! |
| 103 | 06.10.2017 | توحید رسالت ، حلف نامہ ! |
| 104 | 13.10.2017 | صفائی فطرت ہے ! |
| 105 | 20.10.2017 | فطرت روح اور جسم ! |
| 106 | 27.10.2017 | جمعہ میں اذانِ ثانی کے بعد آنے والا کا حکم ! |
| 107 | 03.11.2017 | پوسٹ مارٹم ! |
| 108 | 10.11.2017 | روح کی حقیقت ، نماز میں اہمیتِ صف ! |
| 109 | 17.11.2017 | آداب نماز ، نمازی کے آگے سے گزرنا ! |
| 110 | 24.11.2017 | آداب نماز ، نمازی کے آگے سے گزرنا ، نماز میں اہمیت صف |
| 111 | 08.12.2017 | بیت المقدس کی آبادی مدینہ کی بربادی کا پیش خیمہ ! |
| 112 | 15.12.2017 | بیت المقدس کی آبادی اور بڑی جنگ ! |

| | | |
|---|---|---|
| 113 | 22.12.2017 | عالمی جنگ اور ہماری خواہش ! |
| 114 | 29.12.2017 | کیا تیسری عالمی جنگ کے لیے مسلمان حکمرانوں نے بھی تیاری کی ہے |
| 115 | 05.01.2018 | کیا دجال پیدا ہو چکا ہے ؟ حصہ اوّل |
| 116 | 12.01.2018 | کیا دجال پیدا ہو چکا ہے ؟ حصہ دوم |
| 117 | 19.01.2018 | کیا دجال پیدا ہو چکا ہے ؟ حصہ سوم |
| 118 | 26.01.2018 | انسان اور انسانیت کی خدمت میں فرق<br>کیا کافر انسانیت کا خادم بن سکتا ہے ؟ |
| 119 | 02.02.2018 | انسانیت کے خادم مدارس کے خلاف منافقانہ یہودی سازشیں ! |
| 120 | 09.02.2018 | وجود اللہ کا انعام ہے مگر یہ مصیبت بھی بن جاتا ہے ! |
| 121 | 16.02.2018 | خالق کون، مخلوق کون ؟ حصہ اول |
| 122 | 23.02.2018 | خالق کون، مخلوق کون ؟ حصہ دوم |
| 123 | 02.03.2018 | انسان دنیا کا نظام آثار کی مدد سے چلا رہا ہے ! |
| 124 | 09.03.2018 | ''صحابہ'' عالمی جماعت ! ''قومی دھارا'' فریبی نعرہ ! |
| 125 | 23.03.2018 | بیت الخلا کے آداب دعائیں اور ان کی حکمتیں ! |
| 126 | 30.03.2018 | اسلام سب کے لیے سلامتی، غلاموں باندیوں کی عزت افزائی ! |
| 127 | 13.04.2018 | چیف جسٹس کوشش تو کر سکتے ہیں ! ثواب بھی کمائیں، ملک کو خونی<br>انقلاب سے بھی بچائیں |
| 128 | 20.04.2018 | مغرب کے عالمی رویئے عدم برداشت اور تعصب پر مبنی ہیں ! |
| 129 | 27.04.2018 | ترکِ دنیا کا مطلب ؟ ؟ |
| 130 | 04.05.2018 | انبیاء کی تعلیم ! دنیا ایک سواری ہے اس پر سوار ہونا ہے اس کو اپنے<br>اوپر سوار نہیں کرنا ! |

| | | |
|---|---|---|
| 131 | 11.05.2018 | اسلام میں باطنی صفائی کی طرح ظاہری صفائی ستھرائی کو بھی اہمیت حاصل ہے ! |
| 132 | 18.05.2018 | کس بھلائی میں ثواب زیادہ ہے ؟ غمخواری کا مطلب ؟ |
| 133 | 25.05.2018 | رمضان کی راتیں ! غیبی آواز اور اس کا فائدہ ! |
| 134 | 01.06.2018 | رحمت کی تین صورتیں : اعتکاف ، حج یا عمروں سے حقوق العباد معاف نہیں ہوتے ! |
| 135 | 08.06.2018 | لیلۃ القدر دو طرح کی ہیں !<br>مومن کی شان یہ ہے کہ سب کے لیے دعا گو ہو ! |
| 136 | 15.06.2018 | انعام کی رات !<br>نوجوانوں ماؤں نے تمہیں ''نر'' جنا ہے اور تم عورتیں بن گئے ! |
| 137 | 22.06.2018 | نماز میں چند عوامی غلطیاں ! |
| 138 | 29.06.2018 | دین اسلام پیچھے چلنے کے لیے نہیں بلکہ قیادت کے لیے ہے ! |
| 139 | 06.07.2018 | کھانے سے پہلے ہاتھ دھونے کی وجہ ! |
| 140 | 13.07.2018 | مغرب غیر مہذب ! لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے ! |
| 141 | 20.07.2018 | کھانے پینے سے پہلے ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' پڑھنے کی وجہ ! |
| 142 | 27.07.2018 | ''نظریاتی'' سرحد کے محافظ ''سیاستدان''<br>''جغرافیائی'' سرحد کی محافظ ''فوج''<br>نہ ''الیکٹ'' نہ ''سلیکٹ'' بلکہ ''ریجیکٹ'' ہوا ہے |
| 143 | 03.08.2018 | سیدھے ہاتھ سے کھانے کا فائدہ ! |
| 144 | 10.08.2018 | چمچے، کانٹے سے کھانا بہتر ہے یا بغیر ان کے ؟ ؟ |
| 145 | 17.08.2018 | عالمِ کفر انسانی جذبات و احساسات کا احترام نہیں کرتا ! |

| | | |
|---|---|---|
| 146 | 24.08.2018 | تعلیم اور معلم ! |
| 147 | 31.08.2018 | خوراک کو جسم میں داخل اور خارج کرنے کا فطری طریقہ ! |
| 148 | 07.09.2018 | کسی بھی حکومت کو ''ایمانیات'' سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی |
| 149 | 14.09.2018 | ''ہاتھ'' خدائی تحفہ اور ہتھیار |
| 150 | 21.09.2018 | اپنے سامنے سے کھاؤ ! اسلامی نیو ائیر ! ! |
| 151 | 28.09.2018 | کھانے کے بعد کیا کہنا چاہیے ؟ |
| 152 | 05.10.2018 | طبی ہدایات اور انبیا علیہم السلام ! جسم کی ٹوٹ پھوٹ فطری عمل ہے |
| 153 | 12.10.2018 | جب تک ادارے قادیانیوں سے پاک نہیں ہوں گے ملک کی خیر نہیں ہوگی ! |
| 154 | 19.10.2018 | انسان کا بدن اور نبی علیہ السلام کی ہدایات ! |
| 155 | 09.11.2018 | نبی علیہ السلام کی طرف سے عالمی مسلم قیادت کو اہم سیاسی ہدایت ! |
| 156 | 16.11.2018 | دل کی روشنی اور تاریکی ! |
| 157 | 23.11.2018 | مسجد کا مقام |
| 158 | 30.11.2018 | ''شاہنشاہانہ'' خوشخبری اور دھمکی |
| 159 | 07.12.2018 | ''پوسٹ مارٹم'' انسان کی توہین اور کافروں کا طریقہ ہے ! |
| 160 | 14.12.2018 | مسلم سلطنت اور مدارسِ دینیہ ! |
| 161 | 21.12.2018 | انٹیلی جنس والوں کا عجیب مطالبہ ! ! ! |
| 162 | 28.12.2018 | اہلِ مغرب کے مروڑ کیوں ؟<br>اپنی عورتوں کے حقوق مسلمان جانتے ہیں ! |
| 163 | 04.01.2019 | کافر استاد کے ناپاک اثرات شاگرد پر پڑتے ہیں ! |
| 164 | 11.01.2019 | ٹخنے ڈھکنے والا اور احسان جتانے والا ! |

| | | |
|---|---|---|
| 165 | 18.01.2019 | ''لعنت'' بہت خطرناک گالی ! |
| 166 | 25.01.2019 | کائنات کے منافع کس کے ہاتھ میں ہونے چاہیے ! |
| 167 | 01.02.2019 | آئین شکنی کی مخالفت کرنا ''آئین'' کی پاسداری ہوتی ہے ! |
| 168 | 08.02.2019 | اسلام کیسے پھیلا ؟ |
| 169 | 15.02.2019 | مجلس کا ادب ! |
| 170 | 22.02.2019 | اب تک کی جنگیں ظالموں کی ضرورت تھی اور آئندہ کی جنگ مظلوموں کی ضرورت ہے ! |
| 171 | 01.03.2019 | حالت جنگ میں ہر وقت اللہ کی مدد پر نظر رہنی چاہیے ! دورانِ لڑائی قیدی نہیں چھوڑا جاتا ! |
| 172 | 08.03.2019 | انبیاء کرام کی فضیلت اور عصری علوم (بمقام گوجرانوالہ) |
| 173 | 15.03.2019 | کہاں خرچ کرنے کا ثواب سب سے زیادہ ہے ؟ |
| 174 | 22.03.2019 | نیوزی لینڈ جیسے حادثات اور عورت ڈے جیسے واقعات کے اصل ذمہ دار مسلم حکمران ہیں ! |
| 175 | 29.03.2019 | تعلیم پر فیس کیوں لی جاتی ہے ؟ |
| 176 | 05.04.2019 | اپنی پسند پر نہیں نبی علیہ السلام کی پسند پر ثواب ملتا ہے ! |
| 177 | 12.04.2019 | میدانِ حشر اور نبی علیہ السلام کی شفاعت ! |
| 178 | 19.04.2019 | قدرتی آفات کی وجہ ہماری بداعمالیاں ہیں ! |
| 179 | 26.04.2019 | ''ہولوگرافی'' اور ''پورن گرافی'' کا نقصان اور تلافی ! |
| 180 | 03.05.2019 | ایسا عمل مت کریں جس سے ہندو اور دیگر کفار مسلمانوں پر مزید شیر ہو جائیں ! |
| 181 | 10.05.2019 | ماہ رمضان عالمی تحریک ہے ! |

| | | |
|---|---|---|
| 182 | 17.05.2019 | اعمال کی قبولیت کے لیے ایمان اور سچی نیت ضروری ہے ! |
| 183 | 24.05.2019 | اعتکاف کا مقصد ''بیکاری'' نہیں بلکہ عزم کی ''پختگی'' ہے ! |
| 184 | 31.05.2019 | سچی توبہ پر اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتے ہیں ! |
| 185 | 28.06.2019 | کفار کے مزاج میں عدمِ برداشت اور انتہا پسندی ہوتی ہے ! |
| 186 | 05.07.2019 | سیاسی ہو یا جہادی، تاجر ہو یا ملازم باطنی اصلاح ضروری ہے ! |
| 187 | 12.07.2019 | ''داڑھی'' منڈانے کا گناہ ! |
| 188 | 26.07.2019 | راستوں کا ادب ! |
| 189 | 02.08.2019 | عرفی غریبوں پر بھی قربانی واجب ہے ! |
| 190 | 09.08.2019 | امت کے قائدین کے بارے میں نبی علیہ السلام کی پیشگوئی ! |
| 191 | 06.09.2019 | مدارس کے لیے ہندوستان کی حکومت سے بھی بدتر روّیہ کیوں ؟ |
| 192 | 13.09.2019 | مومن خوشی اور غمی میں کیا کرے ! |
| 193 | 20.09.2019 | مسلمانوں کا ہر طبقہ کیوں پکڑ میں ہے ؟ |
| 194 | 04.10.2019 | ''حاکم'' کو اہم ہدایت ! |
| 195 | 11.10.2019 | دجالی فتنہ اور ''حق ٹی وی'' |
| 196 | 18.10.2019 | قاتل اور لٹیرے مہمان نہیں ہوا کرتے ! ! |
| 197 | 25.10.2019 | دجال کے ایجنڈے کا خطرناک فتنہ ! |
| 198 | 01.11.2019 | عالمی اور ملکی پالیسی کی بنیاد ؟ ؟ |
| 199 | 15.11.2019 | ہر انسان اپنے لیڈر کے ساتھ پیش ہوگا ! |
| 200 | 22.11.2019 | حکمران سنگدل کیوں ہوتے ہیں ؟ |
| 201 | 29.11.2019 | صحابہ رضی اللہ عنہم کو برا کہنا کیوں برا ہے ؟ |
| 202 | 06.12.2019 | مشکل حالات ! اہلِ مدارس کیا کریں ؟ |

| | | |
|---|---|---|
| 203 | 20.12.2019 | قانون کی بالادستی اور عملداری کے بغیر امن ناممکن ! |
| 204 | 27.12.2019 | سائل سے یوں نہیں کہنا چاہیے کہ جب ضرورت ہو مجھے بتا دینا ! |
| 205 | 03.01.2020 | میزبانی اور مہمانی کے آداب ! |
| 206 | 10.01.2020 | موتیوں کی لڑی اور فتنے ! تشبیہ کی حکمت ؟ |
| 207 | 17.01.2020 | ''مکر'' کفار کی پالیسی کی بنیاد ! |
| 208 | 24.01.2020 | نبی علیہ السلام کا ولیمہ ! گھریلو اور بیرونی معاشرت ! |
| 209 | 31.01.2020 | قیامت کی علاماتِ کبریٰ کا آغاز ہو چکا ! |
| 210 | 07.02.2020 | حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے نبی علیہ السلام کا ترکہ اپنی صاحبزادیوں میں بھی تقسیم نہیں کیا ! |
| 211 | 14.02.2020 | ہر اعتبار سے نبی علیہ السلام کی زندگی نمونہ ہے ! |
| 212 | 21.02.2020 | زندگی سے لطف اندوز ہونے کا راز ! |
| 213 | 28.02.2020 | ''عافیت'' کا مطلب ؟ |
| 214 | 06.03.2020 | ''میرا جسم میری مرضی'' کا مطلب ؟ |
| 215 | 13.03.2020 | ''جنسی ہوس'' نفسیاتی مرض ! اس کا علاج ؟ |
| 216 | 20.03.2020 | الا صلوا فِی رِحالِکم کا مطلب ؟ ماہرین کی رائے کی حیثیت ؟ |
| 217 | 03.04.2020 | کان کھول کر سن لیں ! عملی توبہ کی ضرورت ہے ! |
| 218 | 24.04.2020 | احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا کتنا ضروری ہے ؟ |
| 219 | 03.07.2020 | عالم اسلام اسرائیل کے خلاف اٹھ کھڑا ہوا ! پاکستان اس لیے نہیں بنا کہ مسجدیں شہید کی جائیں اور مندر بنائے جائیں |
| 220 | 10.07.2020 | یہودی، قادیانی، آغا خانی منصوبے ناکام ہوں گے ان شاءاللہ ! |
| 221 | 14.08.2020 | ''مسلم'' اور ''مومن'' کس پر جچتا ہے ؟ |

| | | |
|---|---|---|
| 222 | 09.10.2020 | عالم اسلام کی بدحالی بدعملی کی وجہ سے ہے ! |
| 223 | 16.10.2020 | روزانہ آدھا گھنٹہ صرف بحثییت مسلمان اپنا جائزہ لیں ! |
| 224 | 30.10.2020 | فرانس جیسے واقعات پر عالم اسلام کو اعلانِ جہاد کرنا چاہیے ! |
| 225 | 06.11.2020 | ''جنت'' مفت میں نہیں مل جاتی ! |
| 226 | 13.11.2020 | مساجد اللہ کے لیے ہیں ! اس کا مطلب ؟ |
| 227 | 20.11.2020 | کامل مومن کیسا ہوتا ہے ؟ |
| 228 | 27.11.2020 | جھوٹے میڈیا کی آخرت ! ؟ |
| 229 | 04.12.2020 | اللہ کا وعدہ ایک شرط سے مشروط ہے ! |
| 230 | 11.12.2020 | جادوگر کیا ہوتا ہے ؟ اس سے ملنے کا نقصان ؟ |
| 231 | 29.01.2021 | مدینہ منورہ کا اعزاز ! اور عالمی ادارہ صحت ؟ |
| 232 | 05.02.2021 | کشمیر کا قرضہ پوری قوم پر باقی ہے ! |
| 233 | 12.02.2021 | ''انسان'' درخت ''علم'' پانی |
| 234 | 19.02.2021 | سورہ فاتحہ مسلمان کی دعا ؟ |
| 235 | 26.02.2021 | علم مسلمان کا زیور اور پوشاک ہے ! |
| 236 | 05.03.2021 | اللہ کو توبہ کرنے والا بندہ پسند ہے ! |
| 237 | 26.03.2021 | جمعہ کی فضیلت اور اس دن درود شریف ! |
| 238 | 16.04.2021 | مسلمان مساجد و مدارس ختم کرنے کی سازش ناکام بنادیں ! |
| 239 | 23.04.2021 | افطار کس کو کرائیں ؟ اور اس کا ثواب ! |
| 240 | 30.04.2021 | رمضان المبارک ..... مہربان بھی اور نامہربان بھی ! |
| 241 | 07.05.2021 | رمضان المبارک ..... امت کی قوت کا مہینہ ! |
| 242 | 14.05.2021 | مسلمان ایک روزہ اور اعتکاف کی قضا کریں ! |

| | | |
|---|---|---|
| 243 | 21.05.2021 | اللہ کے دربار میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ انسان ؟ |
| 244 | 28.05.2021 | مریض کی عیادت کا فائدہ ! |
| 245 | 04.06.2021 | فساد کی بڑی جڑ یہودی ہیں ! |
| 246 | 11.06.2021 | علوم کا سرچشمہ انبیاء کرام اور مدارس ہیں ! |
| 247 | 18.06.2021 | بے روزگاری اور تنگدستی کا علاج ! |
| 248 | 25.06.2021 | ہر کوئی اپنی خیر منائے ! |
| 249 | 02.07.2021 | کیا چاہیے ؟ کفر یا اسلام ؟ |
| 250 | 09.07.2021 | تقوی اور سچائی ! |
| 251 | 16.07.2021 | اللہ کے لیے جانور ذبح کرنا پسندیدہ عمل ہے ! |
| 252 | 23.07.2021 | دریائے فرات اور سونے کا خزانہ ! |
| 253 | 30.07.2021 | اپنی نسلوں کو بچائیں ! |
| 254 | 06.08.2021 | دائیں بازو والے ! بائیں بازو والے ! |
| 255 | 13.08.2021 | محرم میں کیا کریں ؟ |
| 256 | 20.08.2021 | طالبان کی سیاسی اور جہادی کامیابی پاکستان کے حق میں مبارک ہیں |
| 257 | 27.08.2021 | کس کی پیروی کرنی چاہیے ؟ (حصہ ۱) |
| 258 | 03.09.2021 | سادگی اور تکلفات میں فرق ؟ |
| 259 | 10.09.2021 | کس کی پیروی کرنی چاہیے ؟ حصہ ۲ |
| 260 | 17.09.2021 | کس کی پیروی کرنی چاہیے ؟ حصہ ۳ |
| 261 | 24.09.2021 | کس کی پیروی کرنی چاہیے ؟ (حصہ ۴) |
| 262 | 01.10.2021 | کس کی پیروی کرنی چاہیے ؟ (حصہ ۵) |
| 263 | 08.10.2021 | کس کی پیروی کرنی چاہیے ؟ (حصہ ۶) |

| | | |
|---|---|---|
| 264 | 05.11.2021 | تعصب کتنا بڑا گناہ ہے ! |
| 265 | 12.11.2021 | آخرت کی تاریکیاں ؟ |
| 266 | 19.11.2021 | ”مہر“ کیوں ضروری ہے ؟ |
| 267 | 03.12.2021 | حلال وحرام کا ضابطہ ؟ |
| 268 | 10.12.2021 | اصل خرابی نظام کی ہے ! |
| 269 | 17.12.2021 | ڈرنے والا دل ! نفع دینے والا علم ! |
| 270 | 24.12.2021 | خرید وفروخت (حصہ اول) |
| 271 | 31.12.2021 | خرید وفروخت (حصہ دوم) |
| 272 | 07.01.2022 | خوفناک طغیانی |
| 273 | 14.01.2022 | ذمہ دار کون ؟ |
| 274 | 21.01.2022 | کھانے کے آداب ! |
| 275 | 28.01.2022 | برا خواب دیکھے تو کیا کرے ؟ |
| 276 | 04.02.2022 | مردہ سماج کی حیات ؟ |
| 277 | 11.02.2022 | اچھے وعدے کن کے لیے ہیں ؟ ؟ |
| 278 | 18.02.2022 | ”حجاب“ مذہبی و اخلاقی آزادی ! اس پر اعتراض بین الاقوامی حقوق کی پامالی ہے |
| 279 | 04.03.2022 | تبلیغی مہمانوں سے خطاب ! |
| 280 | 11.03.2022 | عالمی حالات ؟ دعا اور بددعا ؟ |
| 281 | 18.03.2022 | شبِ براءت کے خاص اعمال ! |
| 282 | 25.03.2022 | بے وقوف عیسائی یہود کے جال سے اپنے کو آزاد کرائیں ! |
| 283 | 01.04.2022 | ورفعنا لك ذكرك |

| | | |
|---|---|---|
| 284 | 08.04.2022 | رمضان کے اعمال ! |
| 285 | 15.04.2022 | کس ترتیب پر خرچ کریں ؟ |
| 286 | 22.04.2022 | رمضان المبارک کا آخری عشرہ ! |
| 287 | 29.04.2022 | مکروفریب کا زمانہ ! ؟ |
| 288 | 06.05.2022 | سندھ کے ملحد وڈیرے کے بیان پر ردِعمل ! |
| 289 | 13.05.2022 | جڑے سے جڑے رہیں ! |
| 290 | 24.06.2022 | اسلام کا کوئی جغرافیہ نہیں ! افغان زلزلہ زدگان کی امداد ! |
| 291 | 01.07.2022 | سود کیا ہے ؟ |
| 292 | 08.07.2022 | اجتماعیت اور اسلام ! |
| 293 | 15.07.2022 | نبی علیہ السلام کا دور سب سے بہتر کیوں ؟ |
| 294 | 22.07.2022 | بہروپیا کون ہے ؟ |
| 295 | 29.07.2022 | زندوں کی طرح مردوں کے بھی احکامات ہیں ؟ |
| 296 | 05.08.2022 | ماہِ محرم کی فضیلت ! |
| 297 | 12.08.2022 | بحیثیت قوم ہم نفسیاتی مریض کیوں ہیں ؟ |
| 298 | 19.08.2022 | اللہ کی مقرر کردہ حدود کی پاسداری ضروری ہے ! |
| 299 | 26.08.2022 | سیلاب زدگان کی مدد کے لیے پوری قوم کھڑی ہو جائے !<br>سلمان رشدی اور عمران خان ! |
| 300 | 02.09.2022 | امت پر ہلاکت کب آ سکتی ہے ؟ |
| 301 | 09.09.2022 | دنیا اگر ہمیشہ کے لیے ہوتی تو شاید انبیاء علیہم السلام نہ آتے ! |
| 302 | 16.09.2022 | دعا کے کلمات ؟ |
| 303 | 23.09.2022 | ''امن'' دہشت گردوں کے گھیرے میں ! |

| | | |
|---|---|---|
| 304 | 30.09.2022 | ''ہم جنسی'' ناپاک گندا غیر فطری شیطانی عمل ! |
| 305 | 07.10.2022 | یومِ پیدائش اور یومِ وفات ! |
| 306 | 14.10.2022 | امتحان ہی امتحان ! |
| 307 | 21.10.2022 | ریاستی عملداری ! |
| 308 | 28.10.2022 | رحمت کا مستحق کون ہے ؟ |
| 309 | 04.11.2022 | صحیح اور غلط کی پہچان ؟ |
| 310 | 11.11.2022 | پاکستانی اسٹیبلشمنٹ ، عالمی اسٹیبلشمنٹ کے خلاف بغاوت کا اعلان کرے |
| 311 | 25.11.2022 | بھروسہ کس پر ہونا چاہیے ؟ |
| 312 | 02.12.2022 | حکومت فلم ''انجوائے'' پر فوری پابندی لگائے ! <br> قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے ہٹایا جائے ! |
| 313 | 09.12.2022 | اپنی روایات سے بے مروتی کی سزا ؟ |
| 314 | 23.12.2022 | اسلامی معاشرت اور عورت کا وقار ! |
| 315 | 30.12.2022 | ملاقات کے آداب ! |
| 316 | 13.01.2023 | خراب ماحول کے برے اثرات ! |
| 317 | 20.01.2023 | مصیبت زدوں کی مدد ! |
| 318 | 27.01.2023 | تقوی اور سچوں کا ساتھ اختیار کرو ! |
| 319 | 03.02.2023 | بدعمل خطباء کی سزا ! |
| 320 | 10.02.2023 | اسلام میں آسانیاں دی گئی ہیں ! |
| 321 | 17.02.2023 | آخرت کی سختی سے بچنے کے لیے مخلوق کی تکالیف دور کرو ! |
| 322 | 24.02.2023 | پاکستانی اپنی سوچ پر غور کریں ؟ ! |

| | | |
|---|---|---|
| 323 | 03.03.2023 | شب براءت میں کرنے والے کام ! |
| 324 | 10.03.2023 | ہمیشہ سے الحادی تحریکوں کا اصل نشانہ اسلام رہا ہے، باقی مذہب نہیں |
| 325 | 24.03.2023 | غمخواری کا مہینہ ! خواب اور دجال ! |
| 326 | 31.03.2023 | فرشتہ کی دعا اور بد دعا ! |
| 327 | 07.04.2023 | آج کا عوامی حق ؟ |
| 328 | 14.04.2023 | تین قسم کے لوگ ! |
| 329 | 21.04.2023 | اللہ کی رسی کو تھام لو ! |
| 330 | 28.04.2023 | مہدیت کے دعویدار سب شیاطین ہیں ! |
| 331 | 05.05.2023 | ایمان بچانے کے لیے پی ٹی آئی بیانیہ سے براءت واجب ہے ! |
| 332 | 12.05.2023 | دنیا وآخرت کا قائد ! |
| 333 | 19.05.2023 | کلمہ پر سب کچھ قربان ! |
| 334 | 26.05.2023 | مستقبل کا سیاسی منظر نامہ ! |
| 335 | 02.06.2023 | تعلیم کے نام پر جہالت کو ختم کیا جائے ! |
| 336 | 09.06.2023 | خاندانی نظام : خونی رشتہ اور تقدس ! |
| 337 | 16.06.2023 | موسمی آفات اور نبی علیہ السلام کا عمل ! |
| 338 | 23.06.2023 | قربانی کا جذبہ زندہ رہنا چاہیے ! |
| 339 | 30.06.2023 | عورتوں سے حسن سلوک ! |
